JANUARY 2020
ABC Certified/CPNE Member

یہ ستارے یہ کہکشاں یہ فلک رہبرِ راہِ زندگانی ہیں!

آفاقی معلومات کا علمبردار

ماہنامہ روحانی آئینۂ قسمت® لاہور

GOLDEN YEARS 72 سالہ مسلسل اشاعت

2020ء پاکستان کا مستقبل؟ | وزیراعظم عمران خان اور عدد (22)

جفری پیش گوئیاں 2020ء

ASTROLOGY FOR ALL

بانی: منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی قدس سرہ العزیز

آفاقی معلومات کا علمبردار

ماہنامہ روحانی آئینہ قسمت لاہور

اپنے اندر بے پناہ علمی و روحانی خزانہ لیے ہوئے 1947ء سے ہر ماہ باقاعدگی سے شائع ہوتا ہے

قدیم و جدید ریسرچ پر مشتمل پاک و ہند میں شائع ہونے والا منفرد آفاقی، فلکیاتی و روحانی مجلّہ

اپنے قریبی بک سٹال سے طلب فرمائیں | نمونہ کا شمارہ مفت منگوائیں | قیمت 100 روپے

خواہش مند حضرات نمونہ کا شمارہ منگوانے کیلئے 20 روپے کے ڈاک ٹکٹ لازماً ارسال کریں (ادارہ)

سلسلہ روحانیات حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانیؒ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ

A.B.C سے باقاعدہ منظور شدہ اشاعت

ماہنامہ روحانی آئینہ قسمت لاہور

آئینہ قسمت کا علمبردار

جلد نمبر 72 | JANUARY 2020 | شمارہ نمبر 10

بانی ادارہ محترم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانیؒ قدس سرہ العزیز

جانشین خاندان زنجانیہ عالیہ
شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی
شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی

بیرون ممالک سالانہ چندہ
مڈل ایسٹ 12000 روپے
انڈیا، ایران، سری لنکا 12000 روپے
یورپ، فار ایسٹ 14000 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا 15000 روپے

قیمت 100 روپے
سالانہ چندہ 1000 روپے
لائف ممبرشپ 15000 روپے For 12 Years
لائف ممبرشپ 1000 ڈالر For 12 Years

چیف ایڈیٹر: شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

گروپ ایڈیٹر: شہزادہ سید محمد علی زنجانی
ماہنامہ آئینہ قسمت | زنجانی جنتری | بلطامیہ جنتری | الیکٹرونک ورژن

ایڈیٹر: شہزادہ سیّد مصوّر علی شاہ زنجانی

سب ایڈیٹر: شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

مجلس مشاورت
- مخدوم سید محسن پیر قادری
- مخدوم سید طاہر بہادر زنجانی
- چودھری واجد علی خان
- کرنل (ر) سید اکبر علی شاہ
- میجر (ر) خالد اسمٰعیل قاضی
- ڈاکٹر اجمل نیازی
- شجاعت ہاشمی (آنچل)
- پروفیسر توفیق بٹ
- افتخار احمد
- علامہ صمصام الدین
- محمد سلیم نقشبندی

مشیر قانونی: طالب علی غضنفر ایڈووکیٹ، محمد عامر چوہان ایڈووکیٹ

کمپوزنگ لے آؤٹ: ارشد علی

سرکولیشن مینیجر: حامد بشیر

حمد و نعت منقبت	3
عرس شاہ زنجانیؒ	4
اداریہ	5
عالمی و سیاسی پیشگوئیاں جنوری 2020ء	6
2020ء اور پاکستان کا مستقبل؟	8
جفری پیشگوئیاں 2020ء	10
وزیر اعظم عمران خان اور عدد 22	12
تنویر السال 2020ء	14
ایک غلط فہمی کا ازالہ	16
دربارِ مصطفائی کا روحانی فیض	19
حروف صوامت سورۃ البقرہ	21
چاند گرہن ہلاکت دشمن	23
تصور اسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم	27
رزق دولت و فتوحات	28
اعجاز الجفر خالی القلب	29
عمل کشادگی رزق	30
کشکول (مجرب عملیات)	31
ظالم کے ظلم کا خاتمہ	34
بندش کاروبار کا توڑ	35
برائے حصول علم و کامیابی	36
حاضری مطلوب	37
قرب الٰہی (تیسری آنکھ)	38
روحانیت و تصوف	40
اسباب غیبی	41
کرامات جفر (لکھ پتی)	42
فارمولا لکی نمبرز ماہ جنوری 2020ء	44
آپکا ماہ جنوری 2020ء کیسا رہیگا؟	46
سوال و جواب	53
لوح مصطفائی	54
وتوشہ اصحاب کہف	55
کاروان زنجانی	56
فہرست ادارہ کتب	57

کاشانہ زنجانی 125۔ڈی، گلبرگ 2
54660
بالمقابل یونین کونسل حضرت میراں حسین زنجانی روڈ، نزد مین مارکیٹ لاہور
Ph: 042-35752277 - 35872277
Mobile: 0300-9483758

کاشانہ زنجانی
نزد انصار برنی ٹرسٹ و ہمدرد دواخانہ
آرام باغ روڈ، کراچی-74200
Ph: 021-32217544

کاشانہ زنجانی 19-A بی بی روڈ (جہلم روڈ)
بالمقابل کالج کلب/آرمی ہاؤس، راولپنڈی
PH: 051-8732742
051-8732764

آئینہ قسمت میں چھپنے والے مضامین بحق ادارہ محفوظ ہیں۔ بغیر اجازت شائع کرنا قانوناً جرم ہے۔ کسی بھی ایسے فرد کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی۔

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر/ پبلشر نے حیدری پریس، ریلوے روڈ، لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد

قمر زیدی

شایانِ شان تری کر سکیں بیاں
اتنی مجال معنی و الفاظ میں کہاں
میں بندہ فقیر و گنہگار اور تو
غفار و پروردگار و مددگار و مہرباں
پروردگار قادر مطلق ہے تیرا نام
اک حرفِ کن سے تو نے بنائے ہیں دو جہاں
یکتا ہے تیری ذات، دوامی تری صفات
قلب بشر میں ہے جو ہے تجھ پر عیاں
سوچوں تو اردگرد دیکھوں تو آس پاس
محسوس گر کروں تو دل و جان میں ہے نہاں
مالک تری ثنا ہے مرکزِ خیال
ہوتا ہے ہر کرن سے مرے فن کی تو عیاں

نعت

تابش دہلوی

تمام شکل محمد صلی اللہ علیہ وسلم میں جلوہ آرا ہے
وہ حسن ذات جو ہر آئینہ سے پیدا ہے
یہ راز مجھ پہ تری رحمتوں سے فاش ہوا
کہ یہ وجود تو محرومیوں کی دنیا ہے
احد نہیں مگر احمد ہیں کیا یہ کیا معلوم
حجابِ میم یہاں کب کسی سے اٹھا ہے
میرے وجود کی تشنگی بجھائے گا
سراب جس کے سحابِ کرم سے دریا ہے
کبھی حرم ہے مدینہ کبھی مدینہ حرم
نگاہِ شوق یہ عالم بھی دیکھنے کا ہے
بہت ملا ہے رؤف و رحیم سے تابش
بتاؤں کیا کہ مرے دامن میں آج کیا کیا ہے

کھلے ہیں پھول اور چٹکی کلی ہے
نبی کی گود میں ان کا وصی ہے
علی کا تذکرہ ہے ہر زباں پر
ہوا بھی آج اِٹھلا کر چلی ہے
پڑھو صلے علیٰ مل کر عزیزو
حرم میں آج میلاد علی ہے

ولائت جس کو کعبے سے ملی ہے
کہا حق نے یہی میرا ولی ہے
ولادت کے لیے مخصوص کب تھا
شرف یہ دیکھ کر دنیا جلی ہے
خزاں کا دور چھٹنے کو ہے مظہر
نسیم صبح یہ کہہ کر چلی ہے

یوٹیوب پر اپنے برج کی روزانہ آگاہی کیلئے سبسکرائب کریں۔ زنجانی



عرس منجم اعظم الحاج شاہ زنجانی رحمۃ اللہ علیہ

از تحریر: شہزادہ سیّد محسن علی زنجانی

جشن میلاد النبی ﷺ کے زیر سایہ 10 ربیع الاول/ بمطابق 09 نومبر بروز ہفتہ 2019ء بانی ادارہ آئینہ قسمت کا 47 واں عرس بمقام درگاہ شاہ زنجانی بھماں جھگیاں براستہ عامر روڈ شادباغ لاہور کے علاوہ کاشانہ زنجانی D-125، گلبرگ II میں محفل میلاد کی صورت میں منایا گیا۔

ہر سال کی طرح اس مرتبہ بھی 10 ربیع الول/ بمطابق 09 نومبر بروز ہفتہ 2019ء نماز ظہر کے بعد محفل میلاد النبی ﷺ کا آغاز شہزادہ سیّد محسن علی زنجانی نے تلاوت کلام پاک سے محفل کا آغاز کیا۔ اس کے بعد یکے بعد دیگرے ثناء خوانوں علامہ محمد وقاص عطاری قادری، محترم جناب محمد کوثر علی قادری، محترم جناب محمد ناصر علی قادری نے محفل میں جوش و ولولہ روحانی سماع باندھ دیا۔ محفل کے اختتام پر محترم جناب قبلہ علامہ محمد عمیر قادری دامت برکاتہم العالیہ نے خصوصی خطاب سے محفل کو رونق بخشی اور محفل میلاد النبیؐ اور عرس شاہ زنجانی کو رونق بخشنے کیلئے جن مہمانانِ گرامی نے خصوصی شرکت فرمائی۔ محترم جناب علامہ اشفاق قادری، محترم جناب محمد دانیال عطاری قادری، محترم جناب ندیم وائس چیئرمین گوالمنڈی، محترم جناب طلعت محمود صدر لوہا مارکیٹ، پیر سیّد افضل زنجانی، محترم جناب جمیل بدر صاحب (برادر مرحوم جہانگیر بدر صاحب)، جناب محمد یونس صاحب (بھماں جھگیاں)، جسٹس رانا زاہد محمود صاحب (سابق جج لاہور ہائی کورٹ، موجودہ جج الیکشن ٹریبونل پنجاب)، محترم جناب ذوالفقار علی بدر صاحب (صاحبزادہ مرحوم جہانگیر بدر صاحب)، محترم جناب غلام محمد علی حسن گجر صاحب (وائس چیئرمین گجر برادری، صدر شاہ عالم مارکیٹ تاجر برادری)، صاحبزادہ پیر سیّد ظہور شاہ کاظمی (سجادہ نشین حضرت صابر شاہ ولی و حضرت ناصر شاہ ولی)، میاں محمد اکرم صاحب (ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ)، خواجہ ندیم سعید صاحب (چیئرمین وال سٹی UC)، علامہ محمد اشفاق عطاری قادری صاحب، جناب سیّد ریاض علی شاہ گیلانی صاحب، محمد شہزاد بٹ صاحب (چیئرمین مصالحتی عدالت وال سٹی)، محمد فیصل بٹ (چیئرمین کینال پارک بازار)، علامہ عبدالقیوم قادری صاحب، چوہدری محمد خرم ریاض گجر صاحب (چیئرمین گجر یوتھ ایسوسی ایشن)، جناب سیّد شاہد علی قادری نقشبندی صاحب (کینال پارک)، مفتی محمد ساجد عطاری قادری صاحب، پیر سیّد ریاض علی شاہ صاحب (شادباغ)، الحاج محمد خالد محمود صاحب (خلیفہ مرتضیٰ علی حسینی عثمان آباد انڈیا)، معین الحق علوی صاحب، جناب سیّد اشتیاق حسین بخاری صاحب، محترم جناب حاجی انور صاحب (شادمانی ہال)، جناب سیّد عاصم بخاری صاحب (اداکار)، جناب سیّد اویس شاہ بخاری صاحب، محمد حبیب خان (سابق چیئرمین کینال پارک بازار)، جناب سیّد شجاعت ہاشمی صاحب، جناب سیّد ریحان شاہ بخاری صاحب، محترم جناب عبدالعزیز صاحب، جناب ڈاکٹر نوازش علی صاحب، علامہ وقار علی قادری صاحب، محترم جناب جمال بدر صاحب، قاری محمد عارف صاحب نے شرکت کی۔ 4 بجے سبھی حاضرین محفل درود شریف کا ورد کرتے ہوئے درگاہ چنوں شاہ سے درگاہ شاہ زنجانی کی طرف چادر پوشی کے لیے روانہ ہوئے۔ درود و سلام کے ورد میں سجادہ نشین سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی کے ہمراہ سینکڑوں زائرین کے ساتھ چادر پوشی کی۔

قارئین کو سال نو 2020ء مبارک ہو

شہزادہ سید مسعود علی زنجانی

ریاستِ مدینہ کا ایک اور نیا سال 2020ء

برج قوس میں سات ستاروں کا اجتماع اور ان میں 26 دسمبر 2019ء سورج گرہن کے بداثرات کی جھلک

22 کروڑ عوام کا صدقہ شہزادہ سید انتظار حسین زنجانی نے تقریباً 2 لاکھ زندہ مچھلیاں حضرت خضرؑ کی پناہ میں دریاؤں میں ڈلوائی ہیں نبیؐ کی پناہ میں مچھلیاں پھلے پھولیں اور پاکستانی قوم بھی پھلے پھولے۔

U.N.O عالمی سطح پر ممالک کو پوچھتی ہے یا اسے یاد دلایا جاتا ہے کہ دُنیا کی فلاں اہم شخصیات جس کے کارہائے صد نمایاں ہوں اس سال کو اس شخصیت سے منسوب کیا جاتا ہے۔ ابھی حال ہی میں بابا گورونانک کا 550 واں یوم پیدائش سکھ قوم نے پاکستان کے اندر کرتار پور میں آکر منایا حکومت مدینہ نے اس پر اربوں روپے خرچ کئے اور اس عمل کی سکھ قوم اور وزیر اعظم عمران خان نے بھی خوب پذیرائی فرمائی۔ یقیناً بین المذاہب کے اعتبار سے ایک اچھا عمل ہے۔ ریاست مدینہ کے خالق رسول اللہ ﷺ کے چچا حضرت ابو طالبؑ کا وصال 619 عیسوی میں ہوا۔ یوں 2019ء میں 1400 سال پورے ہوئے۔ 2019ء کو سال ابو طالبؑ منایا جانا چاہئے تھا۔ بشرط موجودہ ریاست مدینہ کو ریاست مدینہ کے سب احکامات یاد ہوتے۔ حضور ﷺ نے اپنے چچا کے سال وصال کو سال غم قرار دیا تھا۔ آپ کے چچا ہی تھے جنہوں نے دُنیا کا پہلا یتیم خانہ بنایا اور اپنے یتیم بھتیجے کو گود لیا۔ بحر حال سال گذر گیا چند سنجیدہ مومنین کے علاوہ اس پر کسی نے توجہ نہیں کی۔

قارئین و ناظرین آئینہ قسمت، زنجانی جنتری، بارہ امامیہ جنتری، البیرونی تقویم اور AQ tv یوٹیوب اس بات سے آگاہ ہیں کہ 27,26,25 دسمبر برج قوس میں سات ستارے شمس، قمر، عطارد، مشتری، زحل، کیتو اور پلوٹو مقابل راہو اور پھر 26 دسمبر سورج گرہن کے بداثرات کا تذکرہ ہم نے کیا تھا اور عرض کیا تھا کہ اجتماع کواکب اور سورج گرہن لگنے سے مہینہ قبل تا بعد 26 نومبر 2019ء تا 21 جنوری 2020ء تک آسمانی کونسل پر نحوست سیارگان کے بادل چھائے رہیں گے۔ 26 دسمبر کو ہی آرمی چیف جناب قمر جاوید باجوہ صاحب کی مدت ملازمت میں توسیع کا تنازعہ سپریم کورٹ اور حکومت کے مابین شروع ہو گیا۔ یہ پاکستان کی سیاسی تاریخ کا انوکھا واقعہ چھ ماہ کو توسیع کے بعد اب پارلیمنٹ میں بل پاس ہونے کے لئے حکومت کے پاس اکثریت نہیں ہے۔

11 دسمبر پاکستانی قوم نے T.V پر دیکھا کہ لاہور کے دل کے ہسپتال پر وکیلوں نے حملہ کر دیا۔ جبکہ عالمی جنگوں میں بھی ہسپتال حملوں سے محفوظ رہتے ہیں۔ بے خبر ریاست مدینہ کو چاہئے تھا کہ حملہ سے قبل ڈاکٹروں اور وکیلوں میں صلح کروا دیتی۔ دُعا ہے کہ 26 جنوری 2020ء تک مزید ناگہانی صدمات سے قوم محفوظ رہے۔ سلسلہ روحانیات حضرت سیّد میراں حسین شاہ زنجانی پیر بھائی داتا گنج بخشؒ کی جانب سے 22 کروڑ عوام کا صدقہ شہزادہ سیّد انتظار حسین زنجانی نے تقریباً 2 لاکھ زندہ مچھلیاں حضرت خضرؑ کی پناہ میں دریاؤں میں ڈلوائی ہیں نبیؐ کی پناہ میں مچھلیاں پھلے پھولیں اور پاکستانی قوم بھی پھلے پھولے۔

ستارے بتاتے ہیں کہ اپوزیشن حاوی اور حکومت کمزور ہوگی۔ سودے بازی یا مائنس ون فارمولا اسمبلی کے اندر وزیر اعظم کی تبدیلی یا پھر ایمرجنسی مارشل لاء جیسے حالات سیاست کی بساط لپیٹ دی جائے یا نظام حکومت صدارتی طرز اختیار کر جائے۔ ملکی سرحدوں خصوصاً کشمیر پر عسکری نقل و حمل جھڑپوں میں اضافہ اور ناگہانی موسمی اثرات زلزلے طوفان آنے سے جانی مالی نقصانات کا اندیشہ بعید از قیاس نہیں۔ ہمیں اللہ سے رحم مانگنا چاہئے اور صدقات پر زور دینا چاہئے پھر عرض ہے پاکستان پاکستانی قوم کا صدقہ منگل کے دن تمام ذبیحہ خانے کھول دینے کا ہے۔

واللہ اعلم بالصواب

یوٹیوب پر اپنے برج کی روزانہ آگاہی کیلئے سبسکرائب کریں۔ زنجانی

عالمی وسیاسی پیشگوئیاں

زائچہ نیومون 16 دلو 00 بحساب ویدک



26 جنوری 2020ء اسلام آباد بوقت 10 بجکر 13 منٹ

زائچہ فل مون 25 سنبلہ 26 بحساب ویدک



11 جنوری 2020ء اسلام آباد بوقت صفر بجکر 21 منٹ

آسمانی کونسل پر سال نو 2020ء کی ابتداء زائچہ نیومون زائچہ سورج گرہن اور فل مون زائچہ چاند گرہن سے ہو رہی ہے۔ پارلیمنٹ میں متعدد قوانین پاس کرنے کے ساتھ ساتھ سپہ سالار کی تقرری مدت میں اضافہ کے لئے بھی بل آٹھ ستاروں اور سورج گرہن کے سبب خاصہ اہمیت اور ہنگامہ خیز دکھائی دیتے ہیں بل کے پاس ہونے میں پریشانیاں شور وغل اور تنازعات پھیل سکتے ہیں، حکومت ایک بار پھر کابینہ میں ردو بدل کر سکتی ہے۔ بل پاس کرانے میں مخالفت اور اپوزیشن سے حکومت کی سودے بازی جیسے حالات وواقعات دکھائی دیتے ہیں۔ سیاسی نجوم میں کسی بھی ملک کا پارلیمانی نظام پورے ملک کا ستون کہلاتا ہے۔ برج قوس کے 10 درجے پر قران شمس و قمر اور سورج کا گرہن لگنا اندرون ملک سخت سیاسی بے چینی کا اشارہ ہے۔ برج جوزا کے 26 درجہ دسویں چاند گرہن عسکری اداروں کو ایٹمی اثاثوں کی حفاظت کی نگرانی کو سخت کرنا چاہئے۔ حکمران پارٹی اپوزیشن اقدام کے درمیان اقتدار کی کشمکش میں فوج کی مداخلت اور ایمرجنسی مارشل لاء کے خدشات بھی دکھائی دیتے ہیں۔

زائچہ نیومون:۔ طالع دلو کا حاکم ستارہ زحل گیارہویں پارلیمنٹ کے گھر اور یہیں شمس وقمر کا قران ہو رہا ہے ہمراہ اسی گھر میں مزید تین کواکب عطارد مشتری اور کیتو یوں ملا کر چھ کواکب ساتوں پلوٹو اور آٹھواں مقابل راہو اسی زائچہ نیومون کو سورج گرہن کا زائچہ بھی کہہ سکتے ہیں۔ جبکہ تمام ستارے پارلیمنٹ کے گھر میں گہن زدہ سورج سے کسی حد تک متاثر ہو رہے ہیں۔ عوام کا حاکم قمر میڈیا کا حاکم عطارد قانون کا حاکم مشتری تینوں ستارے غروب ہیں۔ شمس فطرتی طور سے اہم شخصیات صدر، وزیر اعظم سے منسوب چوتھے اپوزیشن کا مالک ستارہ زہرہ بارہویں خفیہ سرگرمیوں جبکہ دسویں ستارہ مریخ اپنے ہی گھر میں ابتدائی درجہ پر ہے۔ پارلیمنٹ میں متعدد قوانین پاس کرنے کے ساتھ ساتھ سپہ سالار کی تقرری مدت میں اضافہ کے لئے بھی بل آٹھ ستاروں اور سورج گرہن کے سبب خاصہ اہمیت اور ہنگامہ خیز دکھائی دیتے ہیں بل کے پاس ہونے میں پریشانیاں شور وغل اور تنازعات پھیل سکتے ہیں دوست ممالک سے غلط فہمیاں پیدا ہو سکتی ہیں حکومت ایک بار پھر کابینہ میں ردو بدل کر سکتی ہے۔ عطارد کی متاثرہ پوزیشن

ممبران اسمبلی کے درمیان نااتفاقی تلخ اور سخت بحث و مباحثہ آرائی بل پاس کرانے میں مخالفت اور اپوزیشن سے حکومت کی سودے بازی جیسے حالات و واقعات دکھائی دیتے ہیں۔ سیاسی نجوم میں کسی بھی ملک کا پارلیمانی نظام پورے ملک کا ستون کہلاتا ہے۔ برج قوس کے **10** درجے پر قران شمس وقمر اور سورج کا گرہن لگنا اندرون ملک سخت سیاسی بے چینی کا اشارہ ہے۔ حکومت اپوزیشن عوام کے مابین نااتفاقی بے چینی نفرت فرقہ ورانہ مذہبی تعصبات حسد پیدا ہو مذہبی فرقہ ورانہ فسادات کے نتیجہ میں املاک انسانی جانوں کے نقصانات کا اندیشہ۔ وزارت داخلہ کو چوکنا رہنا ہوگا۔ عسکری اداروں کو ایٹمی اثاثوں کی حفاظت کی نگرانی کو سخت کرنا چاہئے۔ اندرون ملک حادثات آتشزدگی سے جانی مالی نقصانات کا اندیشہ بعید از قیاس نہیں ہیں۔ ستارہ مریخ دسویں اندرون ملک افواج کی اہمیت کو اُجاگر کر رہا ہے۔ حکمران پارٹی اپوزیشن اقدام کے درمیان اقتدار کی کشمکش میں فوج کی مداخلت اور ایمرجنسی مارشل لاء کے خدشات بھی دکھائی دیتے ہیں۔ دشمن ملک کی اندرون ملک سازشیں اچانک بڑھ کر انارکی جیسے حالات اچانک پیدا ہو سکتے ہیں۔ سرحدوں پر افواج کی نقل وحمل دشمن ملک کی سرحدوں پر عسکری شرانگیزی سے جنگ کے خطرات منڈلاتے رہیں۔ مقبوضہ کشمیر و آزاد کشمیر میں زلزلہ گہانی موسمی اثرات سے جانی مالی نقصانات کے خدشات آسمانی کونسل پر دکھائی دیتے ہیں۔

زنجانی جنوری 2020ء سے زائچہ پاکستان ورش پھل کی چند سطریں

7 جنوری تا 25 فروری 2020ء دورِ مشتری:۔ ستارہ مشتری زائچہ ورش پھل میں پانچویں اپنے ہی گھر دیگر ستاروں کے اجتماع کے ساتھ تحت الشعاع غروب پانچویں کے مقابل گیارہویں **11** جنوری کو چاند گرہن **8** جنوری مشتری کیتو قران اور راہو سے مقابلہ **12** جنوری زحل پلوٹو قران اندرون ملک جرائم کی شرح اچانک بڑھ سکتی ہے۔ بھارت سے کشیدگی میں مزید اضافہ سرحدی صورتحال بھی تشویش ناک اسمبلی ٹوٹنے ایمرجنسی مارشل لاء جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں۔ بازار حصص سٹاک ایکسچینج میں زبردست اُتار چڑھاؤ سے تخمین بازی کا بڑا کام کرنے والوں کو بڑا نقصان ہو سکتا ہے۔ سوشل میڈیا سوسائٹی میں پھیلائی گئی افواہوں سے دُور رہیں کم از کم وہ فیملیز ادارے محفوظ رہیں گے جو معاشرتی امور میں مثبت حصہ لیں گے۔

زائچہ فل مون:۔ آسمانی کونسل پر چودھویں کے چاند کا زائچہ **11** جنوری **2020**ء کا زائچہ بھی چاند گرہن کا زائچہ ہے۔ چوتھے شمس زحل عطارد مشتری کیتو مقابل قمر اور راہو اندرون ملک سیاسی بھونچال ارضیاتی سخت موسمی اثرات زلزلے طوفان ناگہانی آفات و بلیات حکومت اور اپوزیشن میں سیاسی جنگ بڑھ جانے سے سٹاک شیئرز کاروباری اُتار چڑھاؤ بیروزگاری مہنگائی بڑھنے سے عوام الناس کی پریشانیوں میں اضافہ چاند گرہن کے مزید بد اثرات پڑوسی ممالک کی طرف سرحدی جھڑپوں دھمکیوں سرحدی علاقوں میں چھپے دشمنوں کی طرف سے تخریب کاری نقصان۔ ذرائع مواصلات میں خرابی ریڈیو، ٹی وی چینلز کی نشریات متاثر ہوں۔ سمیرا کی جانب سے بعض چینلز کو وارننگ نوٹسز ریلوے اور ہوائی ٹریفک میں خلل حادثات جیسے خدشات دکھائی دیتے ہیں۔ زراعت کے شعبہ میں کسانوں میں بے چینی اور انکی تنظیمیں احتجاجی جلسے جلوس موسمی اثرات کی خرابی کے سبب باغات فصلوں میں خرابی کیڑے مکوڑوں کا حملہ اپوزیشن پارٹیوں کے اتحاد میں پھوٹ ڈلوانے کیلئے خفیہ قوتیں متحرک رہیں۔ اندرون ملک خصوصاً شمالی علاقہ جات کشمیر میں زلزلے کے جھٹکے ناگہانی موسمی اثرات سے روزمرہ زندگی بعض جگہوں پر عارضی طور سے مفلوج ہو سکتی ہے۔

قمر در عقرب

اس نحس وقت کی ابتداء **17** جنوری **23** بجکر **20** منٹ، خاتمہ **20** جنوری **03** بجکر **40** منٹ تک رہے گی۔ بحساب ویدک اس کی ابتداء **19** جنوری **17** بجکر **17** منٹ، خاتمہ **21** جنوری **23** بجکر **12** منٹ پر ہوگا۔ اس دوران آئمہ معصومینؑ کے نزدیک کوئی بھی نیا کام شادی بیاہ نئے کام کا آغاز کرنا بے برکتی کا باعث بنتا ہے۔

یوٹیوب پر اپنے برج کی روزانہ آگاہی کیلئے سبسکرائب کریں۔ زنجانی

2020ء اور پاکستان کا مستقبل؟

شہزادہ سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی

غزوہ وہ جنگ جس میں سرکار دو عالم خود شرکت فرمائیں گے۔ اسرائیل، امریکہ اور ہندوستان کی اسلام دشمنی سے غزوہ ہند کا وقت اب دور نہیں ہے

برج جدی میں چار اہم کواکب کا قیام برج جدی میں قدرے لمبا ہوگا۔ ستارہ مشتری 30 مارچ 2020ء تا 20 نومبر 2021ء ستارہ مریخ 22 مارچ تا 4 مئی 2020ء ستارہ زحل 24 جنوری 2020ء تا 17 جنوری 2023ء اور پلوٹو 25 فروری 2020ء تا 16 جنوری 2040ء تک یہاں رہیگا۔

آج کل ہر دوسرا تیسرا شخص نئے پاکستان کا نعرہ لگنے اور مدینہ جیسی ریاست قائم ہونے کے نعرہ کے بعد نئے پاکستان کا مستقبل پوچھ رہا ہے۔ اندرون ملک اور دُنیا میں کہیں بھی پاکستانی رہتے ہوں انہیں اپنے وطن کی سلامتی اس کی خوشحالی اور اسکی عزت بہت عزیز ہے۔ آج کا کوئی بھی ملک ایک دوسرے سے الگ تھلگ نہیں رہ سکتا۔ 1947ء میں لاکھوں جانوں کی قربانی دینے کے بعد 14/15 اگست 1947ء مشرقی و مغربی پاکستان کا قیام تو عمل میں آ گیا مگر ہندوستان کی تقسیم کرنے والی قوتوں نے دونوں ممالک خصوصاً کشمیری عوام کو موقعہ نہ دیا گیا کہ وہ اپنی قسمت کا فیصلہ کر سکیں یوں پاک بھارت میں مسلسل 72 سال سے ابتک تنازعہ کشمیر جاری U.N.O نے 1948ء میں دونوں ملکوں میں جنگ بندی کروا کر کشمیریوں کو انکی قسمت کا فیصلہ کرنے کا وعدہ کرایا جس پر ابتک عمل نہیں ہوا 1971,1965ء اور آج 2019ء اور 2020ء پھر دونوں ملکوں کے مابین جنگی ماحول بنا ہوا ہے۔ قائداعظم کی دور اندیش نگاہوں نے سیاسی دفاعی اقتصادی اور جغرافیائی حقائق کو سامنے رکھتے ہوئے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ قرار دیا تھا۔



بھارت نے شق 370 ختم کر کے کشمیریوں کی شناخت کو ختم کرنے کی کوشش کی ہے۔ اور یوں پاکستان کی شہ رگ پر حملہ کر دیا گیا ہے۔ پوری پاکستانی قوم کو بھارتی ظلم کے خلاف کشمیریوں کے ساتھ یکجہتی کا مظاہرہ اپنے اندر لاکھ سیاسی اختلافات کو مٹا کر کرنا ہوگا۔ تاہذا تحریر کشمیر میں کرفیو جاری ہے۔ اگر

آج ہم سب نے ملکر ظالم کے خلاف آواز نہ اُٹھائی بین الاقوامی میڈیا ہیومن رائٹس اور خود کو بیدار نہ کیا تو ہم غیر محسوس طریقے سے ایک سپر نیرل قوت کے غلام بنتے جائیں گے۔ جو ہماری شناخت ہمارا مذہب اور ہمیں بھی اپنے آپ سے چھین لے گا۔ اسکی ایک ہلکی سی مثال ہمارا موبائل انٹرنیٹ سسٹم ہے جو ایک دجالی فتنہ سے منسلک ہے۔ ماضی

منصوبے بے نقاب ہو چکے ہیں۔ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی جارحیت کے ٹائمنگ خاصی توجہ طلب ہیں۔ وزیراعظم عمران خان صاحب کا امریکہ جانا صدر ٹرمپ کا کشمیر سلسلے میں ثالثی کی پیش کش مودی کا شق **370** ختم کر کے کشمیر کو بھارت میں شامل کرنا اور پھر یکے بعد دیگر کئی عرب ممالک کے سربراہان کا مودی کی پذیرائی اسے ہار پہنانا اور کشمیریوں پر ظلم کے خلاف آواز نہ اُٹھانا اسی دجالی فتنہ کے چارٹر آف ڈیموکریسی کا حصہ ہے۔ کشمیر کے ذریعے پاکستان پر جنگی دباؤ بڑھانا دراصل پاکستان کا اسرائیل کو تسلیم کئے جانے کا کھیل بھی معلوم ہوتا ہے۔

قدیم علم نجوم کے مطابق برج جدی زمین سے اور ہندوستان سے منسوب کیا جاتا ہے۔ **2020**ء میں آسمانی کونسل پر چار اہم ستارے مریخ مشتری زحل اور پلوٹو کا برج جدی میں اکٹھا ہونا عالمی سیاسی جنگی سازشیں عرب ممالک سے نکل کر ایشیائی ممالک خصوصاً ہندوستان، پاکستان کشمیر کو اپنی لپیٹ میں لے سکتی ہیں۔ تو مریخ دو ماہ اٹھارہ دن کے بعد نکل جائیگا جبکہ دیگر تین کواکب کا قیام **برج جدی** میں قدرے لمبا ہوگا۔ ستارہ **مشتری 20** مارچ **2020**ء تا **5** اپریل **2021**ء ستارہ **زحل 24** جنوری **2020**ء تا **17** جنوری **2023**ء اور **پلوٹو 25** فروری **2020**ء

ہندوستان کی بقاء چھپی ہوئی پاکستان محفوظ ہے تو ہندوستان بھی محفوظ ہے۔ **23** کروڑ کا ایک پاکستان ہندوستان کے اندر بھی چھپا ہوا ہے۔ غزوہ ہند کا چرچہ **2019**ء میں خوب رہا۔ یہ **2020**ء میں بھی جاری رہیگا۔ غزوہ وہ جنگ جس میں سرکار دو عالمؐ خود شرکت فرمائیں گے۔ اسرائیل، امریکہ اور ہندوستان کی اسلام دشمنی سے غزوہ ہند کا وقت اب دور نہیں ہے۔ **نئے پاکستان کا مستقبل جہاد میں پنہاں ہے حکومت جہاد کا اعلان کرے یا نہ کرے کم از کم اسے جہاد کے لئے تیار رہنے کا اعلان ضرور کر دینا چاہئے یہی نئے پاکستان کا مستقبل ہے۔**

(27/10/2019)

از تحریر: غلام حسین حسینی، لاہور

جفری پیشگوئیاں

یَا عَلِیْم :۔ سَن عیسوی 2020ء میں حفاظتِ جان و مال کیلئے کس اسم کا وظیفہ بہتر ہے؟ 2019ء

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
سطر اساس	س	ع	ح	ف	ظ	ی	ا	ج	ن	م	و	ظ	ت
مؤخر صدر	ت	س	ظ	ع	و	ح	م	ف	ن	ظ	ج	ی	ا
مستحصلہ	خ	ا	و	ب	و	ج	ا	ل	س	ف	ط	ظ	ھ
جوابی حروف	نظیرہ	خود	نظیرہ	خود	خود	نظیرہ	نظیرہ	خود	نظیرہ	خود	خود	نظیرہ	خود
ترتیب	ی	ا	ر	ب	و	ت	س	ل	ا	ف	ط	م	ھ
جواب	یا		رب			توسل			فاطمہؑ				

تشریح: مستحصلہ علم الجفر سے کیا خوب جواب آیا ہے۔ محمدؐ کے عدد 92 اور علیؑ کے عدد 110 دونوں کو جمع کریں تو رب بن جاتا ہے۔ جس کے نمبرز 202 ہیں۔ نسبت 2020 سے یا رب 2020 مرتبہ یا 202 مرتبہ روزانہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھنا 2020 میں بہت نیک اور یہ اس سال کا اسمِ اعظم اور یہی حل المشکلات کا وظیفہ ہے۔ (واللہ اعلم)

یَا عَلِیْم :۔ کیا عمران خان وزیر اعظم پاکستان اپنے پانچ سال پورے کر پائے گا؟ 2019ء

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
سطر اساس	ک	ا	ع	ی	ن	خ	م	ر	ز	ظ	ج	س	ت
مؤخر صدر	ت	ک	س	ا	ج	ع	ظ	ی	ز	ن	ر	خ	م
مستحصلہ	ی	س	ظ	ش	ل	ک	ع	م	س	ن	د	ع	و
جوابی حروف	خود	خود	نظیرہ	خود	خود	خود	خود	خود	نظیرہ	خود	نظیرہ	نظیرہ	نظیرہ
ترتیب	ی	س	م	ش	ل	ک	ع	م	ا	ن	ر	پ	ر
جواب	سے		مشکل				عمران				پر		

(واللہ اعلم)

یَا عَلِیْم :۔ سَن عیسوی (2020ء) دو ہزار بیس ملک پاکستان کے لئے کیسا سال ہو سکتا ہے؟ 2019ء

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
سطر اساس	س	ع	و	ن	ی	ھ	م	ز	ر	ت	ک	ل	ا	ب
مؤخر صدر	ب	س	ا	ع	ل	و	ک	ن	ت	ی	ر	ھ	ز	م
مستحصلہ	ب	ھ	ا	س	ل	ن	خ	ھ	ل	ا	س	ل	ذنظیرہ	خود م
جوابی حروف	خود	نظیرہ	خود	نظیرہ	خود	خود	نظیرہ	خود	خود	خود	خود	خود	نظیرہ	خود
ترتیب	ب	ق	ا	ا	ل	ن	ی	ھ	ل	ا	س	ل	ک	م
جواب	انقلاب						ہے		سال			ملک		

تشریح: 2020ء پاکستان کے لئے ایک انقلابی سال ہے۔ (واللہ اعلم)

یوٹیوب پر اپنے برج کی روزانہ آگاہی کیلئے سبسکرائب کریں۔ زنجانی TV

یَا عَلِیْم :۔کیا تحریک انصاف کی تبدیلی ظاہر ہوگی؟ 2019ء

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
سطر اساس	ک	ا	ت	ر	ص	ف	ل	ظ	و	ی
مؤخر صدر	ی	ک	و	م	ظ	ت	ل	ر	ف	ص
مستحصلہ	ب	ب	و	خ	د	ی	ل	ط	و	ن
جوابی حروف	خود	خود	خود	خود	خود	خود	خود	خود	خود	خود
ترتیب	خ	و	ب	ب	د	ل	ی	و	ط	ن
جواب	خوب			بدلے				وطن		

تشریح:۔فی الحال تو مہنگائی نے بہت کچھ بدل ڈالا ہے آگے خدا رحم کرے۔ (واللہ اعلم)

یَا عَلِیْم :۔تحریک انصاف کی تبدیلی کب ظاہر ہوگی؟ 2019ء

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
سطر اساس	ت	ح	ص	ب	ک	ن	و	ھ	ف	ل	ر	ز
مؤخر صدر	ز	ت	ر	ح	ل	ص	ف	ب	ھ	ک	و	ن
مستحصلہ	ی	ت	خ	ا	ھ	س	ز	ب	ی	س	و	د
جوابی حروف	خود	خود	نظیرہ	نظیرہ	خود	نظیرہ	خود	خود	خود	خود	خود	خود
ترتیب	ی	ت	ی	س	ھ	ا	ز	ب	ی	س	د	و
جواب	تیئس				ہزار			بیس			دو	

تشریح:۔دو ہزار بیس سے دو ہزار تیئس 2023/2020ء جواب آرہا ہے۔ (واللہ اعلم)

یَا عَلِیْم :۔کن حروف کے لئے سن عیسوی 2020ء مبارک ہے؟

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
سطر اساس	ک	ح	ف	ل	ن	و	س	ع	ی	م	ھ
مؤخر صدر	ھ	ک	م	ح	ی	ف	ع	ل	س	ن	و
مستحصلہ	ا	د	ل	ح	و	ف	ت	س	ک	ھ	و
جوابی حروف	خود	خود	خود	خود	نظیرہ	خود	خود	نظیرہ	خود	خود	خود
ترتیب	د	ا	ل	ح	ر	ف	ت	ا	ک	ھ	و
جواب	دال			حرف			تا		کہو		

تشریح:۔یعنی جنکے نام کا سرِ حرف دیات ہو یا پھر ان کے نام میں کسی بھی جگہ دیات آتا ہو۔مثلاً محمد علی، شاہد، عابد، تحسین، دانیال، تابش وغیرہ 2020ء بہت مبارک ہوسکتا ہے۔(واللہ اعلم)

یَا عَلِیْم :۔کیا میاں نواز شریف کی قید سے رہائی ہوگی؟ 2019ء

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
سطر اساس	ک	ا	م	ی	ن	ز	ش	ف	ق	د	ھ	و	س
مؤخر صدر	س	ک	و	ا	ھ	م	د	ی	ق	ن	ف	ز	ش
مستحصلہ	س	ز	ا	د	خ	ھ	و	ی	ذ	ن	ر	س	ش
جوابی حروف	نظیرہ	خود	خود	خود	نظیرہ	خود	خود	خود	نظیرہ	خود	نظیرہ	نظیرہ	نظیرہ
ترتیب	ا	ز	ا	د	ی	ھ	و	ی	ک	ن	و	ا	ز
جواب	آزادی					ہوگی				نواز (شریف)			

حکومت سے لین دین طے ہونے پر 2020ء میں امکان ہے۔ (واللہ اعلم)

وزیراعظم عمران خان اور عدد (22)

از تحریر: تنویر حیدر (مصری)

بائیس کا عدد؟ ملکِ عزیز پاکستان کا وجود 14 اگست آپ سب احباب جانتے ہیں۔ یاد رہے چودہ اگست کا عدد بائیس ہے۔ اور عمران خان بائیسواں وزیراعظم ہے۔ یعنی 14 اگست اگست ماہ آٹھواں (8) (اگست) 14-8

(14+8)=22

اِک لطیف بات کہ چودہ اگست کا عدد دیکھیں۔

	ت	س	گ	ا	ھ	د	و	چ
۴۹۹	۴۰۰	۶۰	۲۰	۱	۵	۴	۶	۳

عدد 9+9+4 =22 عدد کامل 2+2 =4-

سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی صاحب قبلہ مصباح الاعداد صفحہ 8 پر لکھتے ہیں۔ یہ عدد ستارہ عطارد سے منسوب اور اسکا تعلق مادی دُنیا سے ہے۔ لہٰذا اسکی خاصیت ہر قسم کی دُنیاوی ترقی ہے۔

2020 صفر ہٹادیں تو 22 ہے۔ 2020ء پاکستان کی ترقی وخوشحالی کا سال اور وزیراعظم عمران خان کے ہمراہ سال ہے۔ 2+0+2+0 =4 (واللہ اعلم)

عمران خان کے نام کے حروف:۔

حروف	ع	م	ر	ا	ن	خ	ا	ن	
ملفوظی حروف	عین	میم	را	الف	نون	خا	الف	نون	
تعداد حروف	۳	۳	۲	۳	۳	۲	۳	۳	۲۲

عمران خان بائیسواں وزیراعظم ھے:۔ قدیم مصریوں کا اعتقاد تھا کہ ہر زندگی کے بائیس (22) حصے ہوتے ہیں اور جب کوئی ذی روح زندگی کے کسی مخصوص دور سے گزرے تو مخصوص نتائج مرتب ہوتے ہیں۔ قدیم مصری زندگی کے ان حصوں کو مختلف دیوتاؤں اور مقدس چیزوں سے منسوب کرتے تھے۔ عبرانیوں نے اسی قدیم مصری اعتقاد کو نشوونما دے کر زندگی کے بائیس حصوں کی مختلف تاثیرات مقرر کیں۔

بائیس عدد "حماقت کا دیوتا" ہے۔ ضرورت سے زیادہ خودسر، گمراہی، غلط کاری، نتائج کی پرواہ نہ کرنا، اپنے ہاتھوں بربادی وغیرہ وغیرہ۔

یَا عَلِیْمُ:۔ دو ہزار بیس (2020ء) میں پاکستان کو بڑا خطرہ کیا ہے؟

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵
سطر اساس	د	و	ہ	ز	ا	ر	ب	ی	س	م	ن	ک	ت	خ	ط
صدر مؤخر	ط	د	خ	و	ت	ھ	ک	ز	ن	ا	م	ر	س	ب	ی
عدد	۹	۴	۶	۶	۴	۵	۲	۷	۵	۱	۴	۲	۶	۲	۱
مستحصلہ	ط	د	و	س	ت	ھ	ب	ز	ن	ا	د	ک	خ	ک	ا
جوابی حروف	و	ع	ت	ر	ا	ح	ا	ق	ن	ج	ن	ک	ل	ت	ق
ترتیب	ع	و	ر	ت	ا	ن	ا	ح	ق	ج	ن	گ	ق	ت	ل
جواب	عورت				آ	ناحق				جنگ			قتل		

(واللہ اعلم)

یوٹیوب پر اپنے برج کی روزانہ آگاہی کیلئے سبسکرائب کریں۔ زنجانی TV

یَا عَلِیْمُ :۔دو ہزار انیس (عمران خان کی حکومت) کے نیک ثمرات پاکستان میں کب ظاہر ہونگے؟

نمبر شمار	د	و	ھ	ز	ا	ر	ن	ی	س	ک	ث	م	ت	ب	ت	ظ
سطر اساس	ظ	د	ت	و	ب	ھ	ت	ز	م	ا	ث	ر	ک	ن	س	ی
عدد	۹	۴	۴	۶	۲	۵	۴	۷	۴	۱	۵	۲	۲	۵	۶	۱
مستحصلہ	ط	د	م	و	ب	ھ	ت	ز	د	ا	ن	ک	ر	ث	س	ی
جوابی حروف	و	د	ر	ا	ز	ھ	و	ھ	ل	ا	س	د	ب	ج	س	ی
ترتیب	د	و	ھ	ز	ا	ر	ھ	و	س	ا	ل	چ	و	ب	ی	س
جواب	دو			ہزار			ہو			سال			چوبیس			

تشریح:۔وزیر اعظم عمران خان کی جدو جہد اور کوشش کا بہترین نتیجہ **2024**ء کو ظاہر ہوگا۔انشاءاللہ (واللہ اعلم)

یَا عَلِیْمُ :۔دو ہزار بیس (**2020**ء) تک ملک پاکستان معاشی بحران سے نکل جائیگا؟

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
سطر اساس	ز	ت	م	ا	ب	س	ی	ا	ن	ی	ج	ح	ل	ک
صدر مؤخر	ک	ز	ل	ت	ح	م	ج	ا	ی	ب	ن	س	ا	ی
عدد	۲	۷	۳	۴	۸	۴	۳	۱	۱	۲	۵	۶	۱	۱
مستحصلہ	ب	ز	ج	د	ح	م	ل	ا	ق	ک	ھ	و	ی	غ
جوابی حروف	ف	ی	ل	م	س	م	ل	ک	ت	ا	ت	و	م	ا
ترتیب	م	ف	ل	س	ی	م	ل	ک	ت	ا	ت	و	م	ا
جواب	مفلسی					ملک			اموات					

تشریح۔**2020**ء میں معاشی بحران کی وجہ سے اموات کی شرح بڑھ جائیگی۔دُعا ہے مولا کریم میرے پیارے وطن پاکستان پر رحم فرمائے۔آمین الٰہی آمین۔ (واللہ اعلم)

یَا عَلِیْمُ :۔کیا نواز شریف کی (آئندہ) زندگی قید میں گزرے گی؟

									ا	ی	ک			
							ز	ا	و	ن	x			
						ف	ی	ر	ث	x	x			
						-	ی	ک	x	x	x			
					ی	گ	د	ن	ز	x	x	x		
						د	ی	ق	x	x	x	x		
					ن	ی	م	x	x	x	x	x		
				ی	ر	ز	گ	x	x	x	x	x	x	
				-	ی	گ	x	x	x	x	x	x	x	
				ر	ی	ک	ق	ی	ر	ا	سطر اساس			
				خود	نصف	نصف	خود	نصف	خود	خود	وجہ ناطق			
				ر	ھ	ی	ق	ھ	ر	ا	جوابی حروف			
				ر	ق	ی	ھ	ا	ھ	ر	ترتیب			
				کر	رہائی						جواب			

تشریح:۔نواز شریف کی قید سے جلد رہائی ہوگی۔موجودہ حکومت کو حالات کے پیش نظر نواز شریف کو رہا کرنا پڑے گا۔ (واللہ اعلم)

یوٹیوب پر اپنے برج کی روزانہ آگاہی کیلئے سبسکرائب کریں۔ زنجانی TV

تنویر السال 2020

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ نِعْمَۃٍ کَانَتْ اَوْھِیَ کَائِنَۃٌ (اللہ کے نام سے جو رحمٰن اور رحیم ہے حمد کُلی ہے اس اللہ کیلئے ہر اس نعمت پر جو ہے یا ہوگی) وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہِ الطَّاھِرِیْنَ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ (اور اللہ کی رحمت ہو حضرت محمد ﷺ اور انکی پاکیزہ آل پر اور نہیں قوت مگر وہ جو بلند و بزرگ اللہ سے ہے)

سن 2017-2018ء اور 2019ء میں بتدریج میں نے علم الاعداد کے ایک حساس گوشہ کو قرآن کریم کی روشنی میں غور و فکر کی دعوت دی تھی۔ مگر انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ علم ریاضی و اعداد کے شائقین نے اس بات کو فضول سمجھتے ہوئے غور و فکر کی کاوش نہیں کی کیونکہ مولا حسین علیہ السلام نے فرمایا ''لوگوں نے دین کو زبان کا چسکا بنا رکھا ہے اس میں سے اتنا لیتے ہیں جتنا ان کو اپنے روزگار کے لئے ضروری ہے'' یہی وجہ ہے کہ مسلمان روز بروز جہالت کے اندھیرے میں ڈوبتے جا رہے ہیں حالانکہ انہیں اس بات کا علم نہیں کہ "READERS BECOMES LEADERS" اسکی دلیل میں یہود و نصاریٰ کی ترقیاں اور سخیرات گواہ ہیں۔

قَالَ عَلِیٌّ عَلَیْہِ السَّلَامُ: فَحَقُّ الْوَلَدِ عَلَی الْوَالِدِ عَلَی الْوَالِدِ یُعَلِّمُہُ الْقُرْآنَ (حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا بیٹے کا حق باپ پر یہ ہے کہ وہ (باپ) اُسے قرآن کریم ترجمہ سے تعلیم دیکر تلاوت کی عادت بنوائے) مگر آج کے دور کا سانحہ یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ کے فرمان کے مطابق قرآن کریم اور اہلِ بیتؑ اطہار دونوں ہی سے ہم لاتعلق ہوتے جا رہے ہیں جو لوگ قرآن کریم کی تلاوت کرتے بھی ہیں وہ ''دعوت پیغام قرآن کی طرف توجہ دینے کے لئے تیار نہیں کیونکہ دعوت پیغام ترجمے اور تفسیر سے سمجھ آتا ہے۔ نیز اقوال معصومینؑ کو کتابوں کی زینت بنا کر سجا رکھا ہے کہ کہیں مطالعے سے عمل کی ترغیب نصیب نہ ہو جائے۔ محافل و مجالس کے ممبر سب تذکرے معصومینؑ سے خالی دنیاوی زینت کا سبب بنے ہوئے ہیں۔ نبی رحمت ﷺ کی قرآنی سیرت میں 2 ہی سوال نظر آتے ہیں (1) اہل بیت رسالت ﷺ سے مودت کا، دوسرے شکوہ کہ میری اُمت نے قرآن کریم کو تنہا چھوڑ دیا جسکی ایک مثال ذیلی میں ضمیر جگانے کے لئے کافی ہے۔ استاد محسن قرائتی ''فرماتے ہیں کہ وہ مدینہ میں قبر رسول ﷺ کے گرد بہت بڑی تعداد میں لوگوں کا ہجوم دیکھ کر فکر میں ڈوب گئے اور دل میں پیغمبر ﷺ سے پوچھا ''یا رسول اللہ ﷺ کیا آپ ان لوگوں سے راضی ہیں؟ اس وقت میرے ہاتھ میں قرآن کریم کا نسخہ تھا میں نے عرض کیا ''یا رسول اللہ ﷺ میں اس قرآن کریم کو کھول رہا ہوں۔ آپ ان لوگوں سے خوش ہوں یا ناراض قرآن کریم کی پہلی سطر میں کوئی ایسی آیت نکلے جس سے مجھے آپ کی مرضی معلوم ہو جائے اس کے بعد میں نے قبر اطہرؐ رسول کے سرہانے قرآن کھولا تو دیکھا کہ اس صفحے کی پہلی آیت یہ تھی سورۃ الفرقان آیت 30 ''اے میرے پروردگار بے شک میری قوم نے اس قرآن کو چھوڑ دیا ہے۔ اس آیت نے مجھے ہلا کر رکھ دیا اور میں سمجھ گیا کہ روح پیغمبر ﷺ ہم سے خوش نہیں۔ برادران اسلامی سے التجاء ہے کہ نبی رحمت ﷺ کی شفاعت حاصل کرنے کے لئے خود بھی اور اپنی نسل کو بھی روزانہ صرف 5 آیات قرآنی ترجمے اور حاشیہ سے پڑھنا عادت بنوائیں۔

اس تمہیدی بیان کے بعد اب ہم سال 2020ء کی طرف توجہ دیتے ہیں اس سال کا عدد 20+20 =40 =4 بنتا ہے دوسرے معنوں میں 2018ء میں گذرے ہوئے حالات میں شدت نظر آ رہی ہے جس طرح ایک کی نسبت دس طاقتور ہوتا ہے اس طرح اس مرتبہ جفت عدد 2 شدت پسندی کا

یوٹیوب پر اپنے برج کی روزانہ آگاہی کیلئے سبسکرائب کریں۔ زنجانی

مظاہرہ کرتا ہوا نظر آتا ہے۔ کیونکہ دونوں ''2'' کے ساتھ صفر موجود ہیں۔ ویسے بھی عدد ''4'' یورنس، دلو سے نسبت رکھنے کے علاوہ شمس کا منفی عدد بھی ہے اور بروج میں سرطان جسکا حاکم قمر سمجھا جاتا ہے خاصیتیں رکھنے کے ساتھ ساتھ بدھ کے دن اور اسکے حاکم عطارد کی تخلیقی باریکیوں کو بھی اپنے محور میں سموئے ہوئے نظر آرہا ہے۔ عدد ''4'' مکعب، مربع، طبعی قوانین منطق اور عقل پر دلالت کرتا ہے۔ یہ عدد نامیاتی تبدیلیوں سے نسبت رکھنے کے سبب کیمیا گری سے خصوصی ربط رکھتا ہے اور سائنسی ایجادات اسکی نمایاں خصوصیات میں شامل ہے۔ نیز مذہبی شدت پسندی بھی نمایاں زور دکھاتی ہوئی نظر آتی ہے۔

عدد ''4'' عطارد کے زیر اثر ہونے کے سبب علمی عظمت، فنی شہرت، علوم وفنون کی ترقی اور کوششوں کی طرف حکومت کی نشاندہی کر رہی ہے۔ الیکٹرک اور الیکٹرونکس کی صنعتیں اس سال خصوصی ترقی کرتی نظر آرہی ہیں۔ ساتھ ساتھ حسن پرستی، عشق ومحبت، تعیش پسندی کے جرائم شدت سے جنم لیں گیں۔

چینی علم الاعداد کے ''نظام ٹی سنگ'' بھارتی مکتب فکر ''نظام جینمی'' جناب نوح کی نسل میں تاریخ بنی ناحور کو نظر انداز کرتے ہوئے عبرانی مکتب فکر ''اصف بن برحیا'' کے عبرانی فکر میں موجود ہے کہ معنات کی چوتھی بتی کا عدد ''4'' ہے جسے ''حضورال'' کہتے ہیں بائبل مقدس کی ایک سو ساتویں لوح میں مرقوم ہے کہ ''4'' انسانوں کو اللہ کا شکر بجالانا چاہئے۔ (1) وہ جس نے صحرا کو حفاظت سے پار کرلیا ہو۔ (2) جس نے مرض صعب سے صحت حاصل کی ہو۔ (3) وہ جو بحری سفر سے امن کے ساتھ گھر واپس آگیا ہو۔ (4) وہ جو قید وبند کے مصائب سے مرخص ہوا ہو۔ یعنی عدد ''4'' محافظت، صحت، نجات کا عدد ہے اس اعتبار سے بہت سے مصائب میں مبتلا افراد سکون کا سانس لینے کے قابل ہوجائیں گے۔ فکر کو مثبت تاویل کے تناظر میں دہرائیں تو اس حقیقت کا انکشاف بھی واضح ہوگا کہ ابجد کا چوتھا عدد ''دال'' ہے جو کہ انگریزی ''D'' سے مشابہ ہے اسکے عدد بھی ''چار'' ہیں گویا عدد ''چار'' اور دُنیاوی دولت کا خصوصی تعلق موجود ہے نیز لفظ ''دولت'' پر غور کریں تو ''دال'' کے عدد ''چار'' اور آخری حرف ''ت'' جسکے اعلیٰ ترین اعداد ''400'' 4 کی قوت قاہرہ کی نشاندہی کر رہے ہیں مزید ''دولت'' میں حروف بھی ''چار'' ہی ہیں گویا دولت جو مالی وسعتوں کا بھرپور لفظ ہے ''عدد چار'' کے زیر سایہ تاثیر دکھاتا ہے۔ حکومت مثبت مشوری سے چاہے تو حکمت کو بروئے کار لاتے ہوئے مالی بحرانوں پر قابو پانے میں کامیاب ہوسکتی ہے۔ جسکے آثار کم نظر آتے ہیں۔

اگرچہ معاشرتی اصلاحات حکومت کی ترجیحات میں ہوں گیں مگر پھر بھی حکومت کو اپنی سوچوں اور پالیسیوں میں اپنا محاسبہ کرتے ہوئے داناؤں کے مشورہ سے تبدیلیاں لانا ناگزیر ہوگا۔ امام زین العابدینؑ فرماتے ہیں ''وہ شخص ہلاک ہوگیا جس کی راہنمائی کے لئے کوئی دانا موجود نہ ہو'' موجودہ طرز عمل مفروضوں پر، خیالوں کی دنیا میں مگن، عجلت پسندی اور غلط حقائق کے سبب وسائل کو ضائع کرکے مملکت کو مزید معاشی تباہی وبربادی کی طرف ڈبونے کے مترادف ہوگا۔ یعنی مالی پریشانیاں، پڑوسی ملکوں کی حسد بھری دشمنی، حکوت کو پریشان کرکے جس کے سب عوام الناس روحانی وجسمانی تکالیف میں مبتلا رہیں۔ دماغی مالی خولیا، دمہ، پھیپھڑے کے امراض کے ساتھ گردے کی تکالیف میں شوت سے اضافہ ہوگا۔ اس سال پیدا ہونے والے بچے قوت برداشت سے عاری، خودسر، ضدی طبع کے ہونگے۔

اس سال حکومت اور عوام الناس کو اپنے اہم امور سرانجام دینے کے لئے ہفتہ، اتوار، پیر اور بدھ کے دن مفید نتائج دیں گے۔ نیز اس سال کے بداثرات سے تحفظ کے لئے پتھروں میں نیلم، زمرد، زرد پکھراج، سکہ، قلعی یا چاندی میں بنوا کر استعمال کرنا مفید ثابت ہوگا۔ نیز سورۃ اخلاص قُل ھواللہُ، سورۃ القریش، مجادلہ، البروج، الانبیاء اور سورۃ فاتحہ میں سے کوئی سی 4 سورتیں اُدل بدل کرکے یا کوئی ایک سورۃ 4 یا 40 مرتبہ پڑھنا تحفظ ونحوست کی کمی کا سبب ظاہر ہوسکتا ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ''ربّ'' ''یرج'' ''حبیب'' و ''سبحان'' میں سے کسی ایک اسم کا روزانہ 202 مرتبہ اور نمازوں میں 22 مرتبہ دہراتے رہنا کشادگیوں، مسرت وخوشحالی کا باعث بن سکتا ہے۔ ان چاروں اسماء کو ملا کر بھی 202 مرتبہ یا ہر نماز میں 22 مرتبہ دہرانا بہت خوب ثابت ہوگا۔ اسی طرح سورۃ انفال پارہ 9 رکوع 16 آیت 17 ''وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ رَمَىٰ'' جسکے اعداد 247 بنتے ہیں اسکا نقش اور اوّل آخر درود کے ساتھ اسی تعداد میں روزانہ اسکو دہراتے رہنا نہ صرف سال کی نحوستوں بلکہ مرگی، فالج، السر، اختلاج قلب سے بچاؤ کے لئے بھی بہت ہی فائدہ مند ہے۔

انشاءاللہ

یوٹیوب پر اپنے برج کی روزانہ آگاہی کیلئے سبسکرائب کریں۔ رنجانی

از تحریر: سیّد انور فراز، کراچی

ایک غلط فہمی کا ازالہ
علم نجوم سے درست رہنمائی

آپ کا حقیقی برج؟ کون سے برج کس طرح اثر انداز ہوتے ہیں؟

پاکستان میں بھی اب بے شمار ماہرین فلکیات ویدک سسٹم کو اپنا چکے ہیں لیکن نامعلوم کس خوف کے سبب اس کا اظہار نہیں کرتے اور لوگوں کو حقیقی آگہی سے محروم رکھتے ہیں

زنجانی جنتری 2019ء صفحہ نمبر 92 پر یونانی نجوم Tropical اور فطرتی نجوم یا ویدک نجوم Vedic کا NASA کی فلکیاتی تقویم سیارگان کا موجودہ تجزیہ پیش کر کے پاکستان کے اساتذہ نجوم اور طلبہ و شائقین سے مشاورات طلب کی گئی تھی۔ ہماری حقیقی گذارش پر کسی ایک فرد نے بھی ابتک رابطہ نہیں کیا ماسوائے منجم و ڈاکٹر سیّد انور فراز آف کراچی انکا علمی تبصرہ پیش خدمت ہے۔ مستقبل قریب میں ماہنامہ آئینہ قسمت اور زنجانی جنتری میں آپ اس مثبت تبدیلی کو محسوس فرمائیں گے۔ (شہزادہ سیّد مصور علی زنجانی)

یونانی سسٹم جسے موجودہ دور میں ویسٹرن سسٹم بھی کہا جاتا ہے، دائرۃ البروج میں حقیقی سیاروی گردش کو پیش کرتا ہے، اس حقیقت سے ویدک سسٹم کے ماہرین بھی انکار نہیں کرتے لیکن منطقی طور پر یہ تسلیم کرنا پڑتا ہے کہ چوں کہ صدیوں سے زمین کے ایک خاص اینگل پر جھکاؤ کے سبب جو زاویہ پیدا ہو رہا ہے وہ رفتہ رفتہ کرۂ ارض پر بسنے والوں تک حقیقی سیاروی پوزیشن میں فرق کا باعث بنتا جا رہا ہے، آج کے موجودہ دور میں زمین کا یہ جھکاؤ تقریباً 24 ڈگری تک پہنچ چکا ہے، چناں چہ اسی کی مناسبت سے حقیقی سیاروی پوزیشن میں کرۂ ارض پر 24 ڈگری کا فرق آچکا ہے، بہت سے ویسٹرن ایسٹرولوجر آج بھی اس فرق کو نظر انداز کرتے ہیں لیکن اب مغرب میں بھی اس فرق کی اہمیت آہستہ آہستہ تسلیم کی جا رہی ہے جس کے نتیجے میں ویدک سسٹم اب مغرب میں بھی مقبول ہو رہا ہے، رہا سوال ہمارے ملک پاکستان کا تو حقیقت یہ ہے کہ ہم لوگ سب سے زیادہ لکیر کے فقیر ہیں، ہمارے ملک میں جدید نظریات اور تحقیقی رویوں کی کمی ہے، برسوں بلکہ صدیوں سے جو روایات اور رسومات ہمارے ہاں رائج ہیں، ہم انہی پر کاربند رہتے ہیں جس کے نتیجے میں علم محدود رہتا ہے اور پھر نتائج بھی درست حاصل نہیں ہوتے، اس میں کوئی شک نہیں کہ علم نجوم ایک سائنس ہے اور ہر سائنس وقت کے ساتھ ساتھ ترقی کر رہی ہے، بہت سے قدیم سائنسی نظریات آج رد کر دیے گئے ہیں، ان کی جگہ نئے نظریات جو نئی تحقیق کے نتیجے میں سامنے آئے وہ رائج ہیں لیکن علم نجوم کے قدیم نظریات اور اصول و قواعد جدید سائنسی تحقیق کے مطابق اکثر لوگوں کے لیے قابل قبول نہیں ہیں، یہ بہت ہی افسوس کی بات ہے، مزید افسوس ناک حقیقت یہ ہے کہ پاکستان میں بھی اب بے شمار ماہرین فلکیات ویدک سسٹم کو اپنا چکے ہیں لیکن نامعلوم کس خوف کے سبب اس کا اظہار نہیں کرتے اور لوگوں کو حقیقی آگہی سے محروم رکھتے ہیں۔

ہمارے ملک کی اکثریت آج بھی قدیم ترین طریقہ کار کے مطابق اپنا پیدائشی شمسی برج معلوم کرتی ہے اور اسی کے مطابق اپنے معاملات کو سمجھنے کی کوشش کرتی ہے، مزید غلطی یہ کی جاتی ہے کہ اپنے برج (Sign) کو اپنا اسٹار کہا جاتا ہے، جب کہ اسٹار کے معنی ستارے کے ہیں، قدیم طریقہ کار کے

مطابق ہر سال پیدا ہونے والے افراد کا شمسی برج (Sun sign) مندرجہ ذیل لیا جاتا ہے۔

دنیا بھر میں اور پاکستان میں خاص طور پر وہ لوگ جو ایسٹرولوجی کی درست

برج حمل: 21 مارچ تا 20 اپریل، برج ثور: 21 اپریل تا 21 مئی، برج جوزا: 22 مئی تا 21 جون، برج سرطان: 22 جون تا 22 جولائی، برج اسد: 23 جولائی تا 23 اگست، برج سنبلہ: 24 اگست تا 22 ستمبر، برج میزان: 23 ستمبر تا 23 اکتوبر، برج عقرب: 24 اکتوبر تا 22 نومبر، برج قوس: 23 نومبر تا 21 دسمبر، برج جدی: 22 دسمبر تا 20 جنوری، برج دلو: 21 جنوری تا 19 فروری، برج حوت: 20 فروری تا 20 مارچ۔

معلومات نہیں رکھتے، اسی اصول کے مطابق اپنا شمسی برج (Sun sign) معلوم کرتے ہیں اور ساری زندگی اسے ہی اپنا ''اسٹار'' سمجھتے ہیں، حقیقت میں یہ درست نہیں ہے، شاید یہی وجہ ہے کہ اکثر لوگ جب اپنے مخصوص برج کے بارے میں پڑھتے ہیں تو انھیں محسوس ہوتا ہے کہ بعض باتیں درست ہیں اور بعض درست نہیں ہیں، چناں چہ وہ اس علم سے مکمل طور پر مطمئن نہیں ہوتے، ان کا اعتماد و یقین متزلزل رہتا ہے، اس عدم اعتماد کی دیگر وجوہات بھی ہیں جن کا ذکر ہم آگے کریں گے۔

آیئے ہم آپ کو بتاتے ہیں کہ حقیقی معنوں میں آپ کا شمسی برج کیا ہے اور

برج حمل: 15 اپریل تا 14 مئی، برج ثور: 15 مئی تا 15 جون، برج جوزا: 16 جون تا 16 جولائی، برج سرطان: 17 جولائی تا 16 اگست، برج اسد: 17 اگست تا 16 ستمبر، برج سنبلہ: 17 ستمبر تا 16 اکتوبر، برج میزان: 17 اکتوبر تا 15 نومبر، برج عقرب: 16 نومبر تا 15 دسمبر، برج قوس: 16 دسمبر تا 14 جنوری، برج جدی: 15 جنوری تا 13 فروری، برج دلو: 14 فروری تا 14 مارچ، برج حوت: 15 مارچ تا 14 اپریل۔

زمین سے چوبیس درجہ یا اس سے پہلی صدی میں تقریباً 23 درجہ فرق کی وجہ سے ہر سال پیدا ہونے والے افراد کا حقیقی شمسی برج کیا ہوگا۔

جیسا کہ پہلے وضاحت کردی گئی ہے کہ ہر سال اس فرق میں بہت معمولی سا اضافہ ہوتا رہتا ہے لہٰذا ایسے لوگ جو دو برجوں میں شمس کی تبدیلی کے روز پیدا ہوتے ہیں، مثلاً 15 اپریل یا 15 مئی وغیرہ تو ان کا درست برج معلوم کرنے کے لیے اس سال کے مطابق سیارہ شمس کے دوسرے برج میں داخلے کا وقت چیک کرنا ضروری ہوگا کیوں کہ ایسی صورت میں غلطی کا امکان موجود ہے۔

حقیقی رہنمائی کیسے حاصل ہو؟

اب اس مرحلے پر ایک اور حقیقت کو سمجھنا بھی ضروری ہے اور وہ یہ کہ علم نجوم سے حقیقی رہنمائی کیسے حاصل کی جاسکتی ہے؟ عام لوگ اپنا برج معلوم کرکے یہ سمجھتے ہیں کہ یہی برج ہماری پوری زندگی کے تمام معاملات میں رہنمائی کرسکتا ہے اور اکثر ایسے سوالات کرتے ہیں جو ان کی ناواقفیت کا ثبوت ہوتے ہیں، اکثر لوگ ہمیں فون کرکے یا واٹس ایپ وغیرہ پر پوچھتے ہیں کہ ہمارا اسٹار فلاں ہے، ہمارا اگلا سال کیسا گزرے گا؟ عام طور پر یہ وہ لوگ ہیں جو اخبارات و رسائل میں شائع ہونے والے ایسے مضامین پڑھتے رہے ہیں جو شمسی برج کے ذریعے سالانہ، ماہانہ یا ہفتہ وار رہنمائی فراہم کررہے ہیں، یاد رکھیں کہ یہ رہنمائی عمومی ہوتی ہے، انفرادی نہیں ہوتی جب کہ ہر شخص کی ضرورت اُس کی انفرادی

رہنمائی ہے۔ ہمارا جواب یہی ہوتا ہے کہ جناب آپ اپنا جو اسٹار بتا رہے ہیں یہ تو دنیا میں کروڑوں افراد کا ہے تو کیا سب کے لیے حالات و واقعات ایک جیسے ہوں گے، ظاہر ہے اس کا جواب نفی میں ہوگا، علم نجوم سے حقیقی رہنمائی کے طالب خواتین و حضرات کو یہ بات سمجھ لینا چاہیے کہ آپ کے خیال میں آپ کا جو بھی اسٹار یا برج ہے یہ ہرگز آپ کی زندگی کے حالات و واقعات میں مکمل رہنمائی نہیں کرسکتا، اس کے تحت آپ یہ ضرور معلوم کرسکتے ہیں کہ آپ کی شخصیت اور مزاج کیسا ہے، لوگ آپ کو کیسا سمجھتے ہیں؟ اپنی زندگی کے اونچے نیچے راستوں پر رہنمائی کے لیے آپ کا حقیقی انفرادی زائچہ، پیدائش ہی آپ کے ماضی و حال اور مستقبل کی رہنمائی کرسکتا ہے اور اس کے لیے مکمل تاریخ پیدائش، وقت پیدائش کے ساتھ پیدائش کا شہر معلوم ہونا بھی ضروری ہے، اکثر لوگ اپنے وقت پیدائش سے بے خبر ہوتے ہیں، ان کا زائچہ بنانے میں دشواری پیش آتی ہے لیکن ایک ماہر ایسٹرولوجر بہر حال یہ کام کرسکتا ہے۔

جیسا کہ ہم نے بتایا، آپ کا سن سائن صرف آپ کی ظاہری شخصیت اور مزاج پر ہی روشنی ڈال سکتا ہے، یہ سن سائن آپ اپنی تاریخ پیدائش سے معلوم کرتے ہیں یعنی جب آپ پیدا ہوئے تو سورج کس برج میں حرکت کر رہا تھا لیکن آپ کا پیدائشی برج جو وقت پیدائش سے معلوم کیا جاتا ہے آپ کے کردار و عمل اور زندگی میں حاصل ہونے والی کامیابیوں یا ناکامیوں کی نشان دہی کرتا ہے، اسی برج کے ذریعے یہ معلوم کیا جاسکتا ہے کہ آپ کا آنے والا سال کیسا ہوگا؟ آپ اپنی حقیقی زندگی میں کس طرح اپنے روز مرہ کے فرائض انجام دیتے ہیں اور زندگی کے تمام معاملات میں آپ کی محرومیاں، ناکامیاں اور کامیابیاں کس معیار کی ہیں، اس اعتبار سے حالات زندگی پر یہی برج انفرادی طور پر درست رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ تیسرے نمبر پر آپ کا قمری برج ہے یعنی جب آپ پیدا ہوئے تو قمر کس برج میں موجود تھا، یہ برج آپ کی فطری خصوصیات پر روشنی ڈالتا ہے جو کبھی تبدیل نہیں ہوتیں، یاد رکھیں آپ کا شمسی برج جو ہمیشہ آپ کے ذہن میں رہتا ہے اس کے زیر اثر آپ کی شخصیت میں عمر کے ساتھ ساتھ تبدیلی آتی رہتی ہے لیکن قمری برج کے زیر اثر آپ کی فطرت ہے جو کبھی تبدیل نہیں ہوتی، اس کی مثال یہ ہے کہ اگر آپ کا شمسی برج حمل ہے اور برج حمل کی خصوصیات میں نڈر، دلیر، چیلنج قبول کرنے والا، انتھک محنت کرنے والا اور مسلسل حرکت میں رہنے والا جیسی خصوصیات شامل ہیں لیکن یہ خصوصیات عمر کے ساتھ ساتھ کمزور پڑتی چلی جاتی ہیں مگر اگر آپ کا پیدائشی قمری برج حمل ہے تو یہ خصوصیات ہمیشہ نہایت طاقت ور انداز میں آپ کی زندگی کے آخری حصے تک آپ پر اثر انداز ہوں گی، اسی طرح پیدائشی برج کے تحت آپ کا جو بھی برج ہے وہ آپ کے کردار اور عمل کی نشان دہی کرتا ہے اور آپ اپنی زندگی میں جو کچھ کریں گے اسی برج کے زیر اثر کریں گے، آپ کا پیدائشی برج جسے ''لگن'' یا طالع پیدائش **(Ascendent)** کہا جاتا ہے، اگر حمل ہے تو ساری زندگی آپ کے سوچنے اور کام کرنے کا انداز و طریقہ برج حمل کی خصوصیات ظاہر کرے گا، آپ ہر چیلنج کو قبول کرنے والے، انتھک محنت کرنے والے، نہایت خوش امید، بچوں کی طرح ضد کرنے والے، کھلنڈرے اور شکست تسلیم نہ کرنے والے ایک فائٹر ہوں گے، برج حمل کا حاکم سیارہ ڈائنامک مریخ ہے اس کا تعلق انرجی سے ہے اور یہ انرجی ہمیشہ آپ کے کردار و عمل کو تقویت دیتی ہے، آپ ساری زندگی اس کے مطابق ہی عمل کرتے نظر آتے ہیں، اب اگر آپ کے انفرادی برتھ چارٹ میں سیارہ مریخ کمزور یا ناقص پوزیشن میں ہو تو صورت حال تبدیل ہوجائے گی اور آپ کی کارکردگی بری طرح متاثر ہوگی، آپ دوسرے پیدائشی حمل افراد کے مقابلے میں ایک ناکام زندگی گزار سکتے ہیں، ایسی ہی صورت حال میں اچھے ماہرین فلکیات کوئی مناسب اسٹون ریمیڈی کے طور پر تجویز کرتے ہیں۔

ایک حرف طلسم کا ایک حرف طالب کا ایک حرف مطلوب کا لے کر سطر امتزاج لکھیں۔ سطر امتزاج لکھتے وقت عزیمت کو سات بار پڑھ کر فتیلہ دم کریں۔ فتیلے کو روغن گاؤ میں ڈبو کر اور اس کے اندر شکر سرخ رکھ کر لپیٹ لیں۔ فتیلے کو چراغ میں رکھ کر آغاز سطر کی طرف سے فتیلے کو آگ لگا دیں۔ منہ سے کہیں "پروردگار جو آگ فتیلے کو لگی ہے، وہ آگ میرے مطلوب کے دل میں میری محبت کی لگی ہے۔ جب تک وہ حاضر نہیں ہوگا، آگ سرد نہ ہوگی۔" بتی جلنا شروع ہو جائے تو مندرجہ ذیل عزیمت پاس بیٹھ کر پڑھیں۔ بتی جلنے تک ورد جاری رکھیں۔

سطر امتزاج

ا ع ن ع ا ا ہ م ہ ط ر ی ح ع د ف ل ف ش ی ر ث ی ر د ی ہ ا

عزیمت

عَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ اَجِبْ يا عَجَبَائِيلُ بِحَقِّ نو دودُ اَلْعَطُوفَ الرَّحِيم اَنْ يَّلقِي وَالْمُحَبَّةَ وَالْمُوَدَّةَ وَالرِّافَةَ بَيْنِي وَ بَيْنَ ناهيد بنت فريده كَمَا مَز حَيْت حَرَوف اسمي بحرُوف اِسمَعها اَمْزُ جُوا مُجَيِّي بِروجه بحق اَلْمَلِكَ الْقُدُوس۔

دورانِ عمل رجال الغیب کا خیال رکھیں۔ عمل 3 رات سے 7 رات تک بلاناغہ جاری رکھیں۔ مطلوب کے حاضر ہونے پر عمل بند کر دیں۔ جگہ اور وقت عمل ایک ہی رکھیں۔ عمل ناجائز یا غیر شرعی حاجت کے لیے نہ کریں۔ یہ عمل بے خطا ہے اور جب بھی کرے گا، کامیابی سے ہم کنار ہوگا۔

یوٹیوب پر اپنے برج کی روزانہ آگاہی کیلئے سبسکرائب کریں۔ زنجانی TV

قربِ الٰہی روحانی نظام کی تیسری آنکھ

از تحریر: الحاج قاری حامد پیا، لاہور

سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے جو کائنات کے ہر شعبے کا انتظام کر رہا ہے۔ سیاروں کو ان کی معینہ گزرگاہوں پر چلا رہا ہے۔ سمندروں کا کروڑوں ٹن پانی ہوا کے کندھوں پر لاد کر ہماری کھیتیوں پر برسا رہا ہے۔ پھولوں کو رنگ و بو دے رہا ہے، وہ انسانی احوال و معاملات پر بھی یقیناً اثر انداز ہوگا۔ جس طرح مکھی کے انڈے سے آج تک مچھر پیدا نہیں ہوا اور آک کے ساتھ آج تک آم نہیں لگے، اسی طرح انسان کی طویل تاریخ بدکاری کا نتیجہ آج تک اچھا نہیں ہوا اور نہ نیکی کا انجام کبھی خراب رہا۔ ہر عمل کے ساتھ ایک نتیجہ بندھا ہوا ہے، بلندی سے گرنے کا نتیجہ چوٹ، آگ میں ہاتھ ڈالنے کا جلن، سستی کا رسوائی، محنت کا سربلندی ہے۔ ہم اعمال کے انتخاب میں تو آزاد ہیں لیکن نتائج بھگتنے پر مجبور ہیں۔ ہم ان نتائج کو کسی چال یا فریب سے نہیں ٹال سکتے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ نتائج کہاں سے آتے ہیں۔ انہیں اٹل کس نے بنایا، ازل سے ابد تک ان میں یکسانیت کیوں ہے، جواب ایک ہی ہے کہ جو طاقت مچھر اور مکھی کی نگرانی کر رہی ہے وہ انسانی اعمال و افعال سے غافل نہیں ہو سکتی۔ اس طاقت کے ساتھ تعلق قائم کرنے سے انسان عظیم بن جاتا ہے اور اس سے بچ جائے تو حقیر و ذلیل رہ جاتا ہے۔ جس طرح انسانی تعلقات کے کئی درجے ہیں۔ مثلاً پہلے شناسائی، پھر دوستی، پھر گہری محبت اور آخر میں عشق۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ سے تعلق کے بھی کئی مراحل ہیں۔ پہلے ترکِ گناہ، پھر بلند اعمال، پھر شب بیداری اور آخر میں فنا فی الذات۔ لیکن میں آپ کو اس کٹھن سفر میں بہت دور نہیں لے جانا چاہتا۔ صرف پہلی منزل کی سیر کروانا چاہتا ہوں، اللہ پاک سے رابطہ پیدا کرنے کی بنیادی شرط یہ ہے کہ انسان گناہ کو چھوڑے، جھوٹ، فریب، فحش کاری، بد دیانتی، بے رحمی، رعونت، لالچ کو ترک کرنے کے بعد دوسرا قدم یہ اٹھائے کہ اعمال و خیالات میں بلندی و پاکیزگی پیدا کرے۔ اس اقدام کا فائدہ یہ ہوگا کہ دماغ خوف و خطر سے آزاد ہو جائے گا، نہ دنیا میں کسی محاسبے کا ڈر رہے گا اور نہ آخرت میں۔

نگاہ میں رجائیت آجائے گی، یہ دنیا جو بدکاروں کے لیے آنسوؤں کی ایک وادی ہے۔ حسین و جمیل نظر آنے لگے گی، حرص ناپید ہو جائے گی، دنیاوی لذت حقیر معلوم ہوگی، دنیائے دل بے نیازی سے معمور ہو جائے گی اور تسلیم و رضا کی نعمت مل جائے گی، اس کائنات پر ایک سرسری نظر ڈالنے کے بعد یہ حقیقت کھل جاتی ہے کہ اللہ پاک جو کچھ کرتا ہے، ہماری بہتری کے لیے کرتا ہے، اس کی گھٹائیں ہماری کھیتیوں کے لیے اور ہوا میں رشتہ حیات قائم رکھنے کے لیے ہے۔ اس کے آفتاب ہمارے پھل پکا رہے ہیں۔ اس کے ماہتاب ہماری راتوں کو حسین و پُرسکون بنا رہے ہیں۔ اس کی زمین ہمارا بسیرا، ہمارا ذخیرہ خانہ اور ہماری سیرگاہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ہر تخلیق اس کا ہر اقدام اور ہر فعل ہمارے فائدہ کے لیے ہے تو کیا ہمارے لیے یہ بہتر نہیں کہ ہم اپنے آپ کو اللہ پاک کے سپرد کر دیں، دکھ سکھ دونوں کو نعمت سمجھ کر قبول کر لیں۔ ہم آئے دن ریل گاڑی، موٹر بسوں میں سوار ہونے کے بعد اپنے آپ کو ڈرائیوروں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیتے ہیں، خیال یہ ہوتا ہے کہ ڈرائیور ہوشیار ہے، خطرات کے مقام سے آگاہ ہے، ہمیں منزل کی طرف حفاظت سے پہنچا

یوٹیوب پر اپنے برج کی روزانہ آگاہی کیلئے سبسکرائب کریں۔ زنجانی TV

دے گا۔ یہ دنیا ایک سمندر ہے جس میں زندگی کی کشتیاں رواں ہے۔ اللہ پاک ہمارا کھیون ہار ہے، وہ راہ کی چٹانوں سے واقف اور منزل سے شناسا ہے۔ اس پر بھروسہ کیجیے، اپنے آپ کو اس کے حوالہ کر دیجیے، آپ پر کوئی زد نہیں پڑے گی اور اس تسلیم و رضا سے آپ کی زندگی مسرور و مطمئن اور سرمہ بن جائے گی۔ ہمیں اللہ پاک کا قرب حاصل کرنا ہوگا، ذکر و اذکار سے ذکر اول لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہے۔ ہم اس ذکر کو کیسے پڑھیں کہ ہمیں اللہ پاک کا قرب حاصل ہو اور شیطان کے ہتھ کنڈوں سے بچنا اور نفس کی ہوس، دنیا کی طمع، حسد، بغض، کینہ سے نفرت ہو تو قارئین میں سید انتظار حسین شاہ زنجانی صاحب کا شکر گزار ہوں کہ ان کی محبت اور پیار نے آج اس قابل بنا دیا کہ میرے چند الفاظ آپ کو پڑھنے کو ملے ہیں۔ 15 سال سے آئینہ قسمت کا قاری ہوں، آئینہ قسمت ایک ایسا درخت ہے جس کے سائے میں جو بیٹھ گیا وہ کچھ نہ کچھ لے کر اٹھتا ہے۔ 15 سالوں میں بہت سے عاملوں کے عمل پڑھنے کو ملے، کوئی قرآنی آیات، اسم الٰہی کا عمل بتاتا ہے کوئی تعویذات وغیرہ اور کوئی لکی نمبر شاہ زنجانی صاحب نے صدقہ جاریہ کے طور پر آئینہ قسمت کی ابتداء کی جو کہ جاری و ساری ہے۔

66 سالہ زندگی میں قرآنی آیات کے وظائف پڑھنے کو ملے ماہنامہ کے قاریوں نے عمل پڑھا، سمجھا اور عمل کرنا شروع کر دیا۔ اگر وہ عمل قرآنی ہے تو ثواب پڑھنے والے کو ملے گا اور لکھنے والے کو بھی ملے گا، مگر اس کا اصل حق دار جو کہ شاہ صاحب ہیں ان اعمال کی بدولت روزانہ کروڑ ہا نیکیاں اپنے نامۂ اعمال میں درج کروا رہے ہیں۔ قارئین ہمیشہ کوشش کریں کہ قرآنی عمل سے استفادہ حاصل کریں۔ آج میں جو عمل بتا رہا ہوں، یہ وہ عمل ہے جس کو پڑھ کر کوئی ولی کے مقام پر پہنچ گیا، کوئی مجذوب بنا، کوئی فقیر اور کوئی جنت کا خریدار بنا۔ آج آئینہ قسمت کے پلیٹ فارم سے نئے پڑھنے والے خواتین و حضرات کی خدمت میں عمل پیش کر رہا ہوں۔ آپ اسے پڑھیں، جنت کا ٹکٹ خریدیں، اس عمل کے پڑھنے کے دوران تین دور آئیں گے، جو کہ خوابوں کی شکل میں نمودار ہوں گے، پھر ایسا وقت بھی آئے گا کہ پلیٹ فارم ملے گا، اس پلیٹ فارم پر کچھ ملاقاتیں ہوں گی اور کچھ مناظر دکھائے جائیں گے اور تمام معاملات آپ کے اور اللہ پاک کے درمیان ہوں گے، جو آپ کو اپنے سینے میں دفن کرنے ہوں گے، کسی انسان پر ظاہر کرنے سے پاور ختم ہو جائے گی۔ ہاں آپ اپنے مرشد سے یا شاہ زنجانی صاحب سے مشورہ کر سکتے ہیں، ایک اہم بات کہ جب بھی عمل شروع کرنا ہے تو اسے ترک نہیں کرنا، ورنہ منزل نہیں ملے گی، اس عمل کو مرد حضرات 21 دنوں میں سوا لاکھ بار پڑھیں گے۔ خواتین ایام ختم ہونے پر چند دنوں میں سوا لاکھ پورا کریں، اس عمل کا کوئی پرہیز نہیں ہے۔ چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے پڑھ سکتے ہیں۔ زندگی میں ایک بار کیا ہوا عمل قیامت تک آپ کا ساتھی بنا رہے گا اور وقت پر کلمہ نصیب ہوگا۔ اس عمل کو صرف مسلمان پڑھ سکتا ہے، ہاں اگر کوئی غیر مسلم اس مضمون کو پڑھ کر اس عمل کو کرنے کا شوق پیدا ہو تو پہلے اجازت لے۔

اس عمل کو وضو کی حالت میں پڑھا جائے گا، وقت کی کوئی قید نہیں۔ اب میں عمل پڑھنے کا طریقہ بتاتا ہوں۔ آپ پہلے لمبے لمبے سانس 3 سے 5 لیں۔ اس کے بعد آپ سانس اندر پہنچا کر روک لیں۔ لا الٰہ الا اللہ کو پڑھیں، سانس ٹوٹنے سے پہلے محمد رسول اللہ پڑھ کر سانس چھوڑ دیں، پھر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم پڑھیں۔ شروع شروع میں آپ 5 تا 7 بار پڑھیں گے، پھر آپ اپنے سانس کے مطابق 15 سے 20 بار پڑھیں گے۔ کوئی قید نہیں آپ نے لا الٰہ الا اللہ کو سوا لاکھ بار پڑھنا ہے۔ اب آپ کی مرضی ہے، تین دن میں پورا کریں یا 21 دن میں پڑھیں۔ خواتین بھی اسی طرح پڑھ لیں، جب آپ سوا لاکھ کی تعداد پوری کر لیں تو اگلے دن 100 بار روزانہ پڑھنا ہے، ناغہ نہیں کرنا۔ بیماری کی حالت میں عمل کے دوران کم سے کم 100 بار پڑھنا ہے، عمل کے دوران اندر کے روحانی نظام کھلیں گے، یعنی گرڈ اسٹیشن سے آپ کے اندر کے روحانی نظام میں حرکت آجائے گی، ایک راستہ کھلے گا، تیسری آنکھ کھلنے کی آسانیاں پیدا ہوں گی۔

از تحریر: قیصر احمد (بی۔اے) کراچی

روحانیات و تصوف

اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ

حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں میں اللہ ہوں، میرے سوا کوئی معبود نہیں، بادشاہوں کا بادشاہ ہوں، بادشاہوں کے دل میرے ہاتھ میں ہیں۔ بادشاہوں کا مالک ہوں۔'' میرے بندے جب میری اطاعت کرتے ہیں میں اُن بادشاہوں کے دل اُن کی طرف رحمت اور شفقت سے متوجہ کر دیتا ہوں اور بندے جب میری نافرمانی کرتے ہیں۔ میں اُن کی طرف بادشاہوں کے دل غصہ اور انتقام سے متوجہ کر دیتا ہوں، سو وہ انہیں سخت عذاب چکھاتے ہیں۔ اس لئے خود کو بادشاہوں بر بددُعا میں مشغول نہ کرو بلکہ خود کو ذکر اللہ اور تفرع میں مشغول کرو تا کہ میں تمہیں تمہارے بادشاہوں کے مظالم سے محفوظ رکھوں۔ (مشکوٰۃ) گڑگڑا کر مانگے تو ربّ منکر کی بھی سنتا ہے۔ صاحب روح المعانی نے لکھا ہے کہ فرعون کے پاس کچھ لوگ آئے اور کہا کہ بارش نہیں ہو رہی اور دریائے نیل بند ہے آپ جاری کر دیجئے اس لئے کہ آپ کو ہم نے معبود بنایا ہے۔'' اس نے کہا اچھی بات ہے۔'' دریا کل جاری ہو جائے گا۔ رات کے وقت اٹھا تاج شاہی پہنا، دریائے ''نیل'' یا ''قلزم'' پر پہنچا۔ دریا خشک تھا، تاج زمین پر رکھا اور مٹی لی سر پر ڈالی اور بولا: ''اے احکم الحاکمین! اے رَبُّ العالمین، میں جانتا ہوں کہ آپ ہی مالک ہیں، آپ ہی سب کچھ ہیں، میں نے ایک جھوٹا دعویٰ کیا ہے اور وہ بھی غلط، آج تک آپ نے اس (جھوٹے) دعویٰ کو نبھایا ہے، ظاہر کے اعتبار سے مجھے ویسے ہی رکھا، میں آپ سے دُعا کرتا ہوں کہ آج بھی میری بات رہ جائے، خوب گڑگڑا کر و عاجزی و انکساری سے دُعا مانگی۔'' حضرت حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ ایسے وقت میں بھی حق تعالیٰ اس منکر کی بات کو مان رہے ہیں تو اگر مومن گڑگڑا کر یقین کے ساتھ ہاتھ اُٹھا کر مانگے گا تو کیا حق تعالیٰ محروم فرما دیں گے؟ بہر حال فرعون نے رو کر گڑگڑا کر عاجزی و انکساری کے ساتھ دُعا مانگی۔ دُعا کا مانگنا تھا کہ پانی آنا شروع ہو گیا، سرسراہٹ محسوس ہوئی، فوراً تاج لیا اور چلا آیا اور ''دریائے نیل'' جاری ہو گیا۔ اللہُ اکبر اکبرا۔

خوش کلامی کامیابی کی چابی

حضور اکرم، نور مجسم رحمۃ اللعالمین ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ ''خوش کلامی جنت اور بدکلامی دوزخ کی نشاندہی کرتی ہے۔'' خوش کلامی درحقیقت خوش اخلاقی ہے اور خوش اخلاقی قطعی طور پر ایمان ہے۔ ایمان اور اخلاق دونوں ہم معنی ہیں، ہم مفہوم ہیں۔ اگر انسان کے اخلاق بلند ہیں تو لازماً وہ خوش کلام بھی ہوگا۔ دراصل خوش کلام اور خوش گفتاری یعنی آپس میں احترام و اکرام اور اخلاق سے بات کرنا اخلاق کی بلندی کا مظہر ہے۔ تاریخ اقوام اس کے شاہد ہیں کہ کبھی اور کسی بھی دور میں بدکلامی نے کسی انسان کو کوئی فائدہ نہیں پہنچایا اور خوش کلام نے ہمیشہ فتح پائی ہے اور دلوں کو مسخر کیا ہے۔ درحقیقت انسان فطرت سے جنگ نہیں کر سکتا۔ بدکلامی قطعی طور پر ایک غیر فطری عمل ہے اور خوش کلامی انسان کی فطری طینت اور خصلت اور اس کی جبلت ہے۔

خوش کلامی زبان کا صدقہ

ہم سب جانتے ہیں اور خوب جانتے ہیں کہ خوش کلامی زبان کا صدقہ ہے۔ خوش کلامی علم کی اولاد معنوی ہے، خوش کلامی صراط مستقیم کی طرف لیجاتی ہے، خوش کلامی ایسی طاقت ہے کہ جو صداقت کو الفاظ کا جامہ پہناتی ہے۔ خوش کلامی سے ہزاروں بار قیام اَمن کا پلّہ جُھک گیا ہے۔ خوش کلامی اور صداقت انسان کو بے وقوف بنا دیتی ہے۔ خوش کلامی سے زندگی بسر کرنے والوں کو ایسی بہت سی مثالیں ملیں گی جو خوش کلامی کی طاقت کو لے کر آگے بڑھے اور وہ کارنامہ پائے سرانجام دیئے کہ انسانی عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ جو لوگ صحت مند اور کشادہ دل ہوتے ہیں وہ ہمیشہ خوش کلام اور پُر اُمید رہتے ہیں۔ جن لوگوں سے بھی اُن کا واسطہ پڑتا ہے وہ بھی اُن سے متاثر ہوتے ہیں۔ چند خود پسند نوجوانوں کی موجودگی میں ایک خوش مزاج بوڑھے نے ایک بار کہا تھا کہ اگر نوجوانوں کے مزاج کی یہی کیفیت رہی تو تھوڑے دنوں میں ضعیف لڑکوں کے علاوہ اور کچھ باقی نہ رہے گا۔ وجہ یہ ہے کہ خوش پسندی اور بدکلامی جہاں ہوتی ہے وہاں خوش مزاجی اور مسرت نہیں پنپ سکتی۔

یوٹیوب پر اپنے برج کی روزانہ آگاہی کیلئے سبسکرائب کریں۔ زنجانی

اسبابِ غیبی

از تحریر: محمد شریف شہزادہ لیاری (کراچی)

قارئین آئینہ قسمت اور آئینہ قسمت کی پوری ٹیم کو سلام اس جدید دور میں ہر انسان ہر کام کو آسانی اور لمحوں میں کرنے کے جدوجہد میں لگا ہے۔ حقیقتاً بھی نیٹ اور کمپیوٹرائزڈ دور میں انسان کئی مشکل کاموں کو آسان کرنے میں کامیاب ہو چکا ہے۔ روحانی مرحلے میں بانی آئینہ قسمت الحاج سیّد ناظر حسین شاہ زنجانی اور اب سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی اور صاحبزادگان کی محنت سے ایک جدید روحانی رسالہ آئینہ قسمت سے ہم فیض پا رہے ہیں ان کی شب و روز محنت قابل تعریف ہیں۔ ان ہی بزرگوں کی محنت کے طفیل آج ایک عمل کے ساتھ حاضر ہوں یہ عمل ایک عظیم صوفی بزرگ اعلیٰ پایہ درجہ کے بزرگ درویش کاش البرنیؒ صاحب کا ہے یہ عمل رموز الجفر میں بھی درج ہے صفحہ نمبر **119** میں اس عمل کو کئی مرتبہ آزمایا ہے۔ کافی کامیابی سے کر چکا ہوں۔ یہ عمل اسباب غیبی ہے۔ روزگار کیلئے تیر بہدف عمل ہے۔ اسباب و اختیارات کیلئے یہ عمل مؤثر ہے۔ یعنی کوئی رُکا ہوا کام اس سے ظاہراً اسباب نظر نہ آتے ہوں لاکھ ہاتھ پاؤں مارے ہوں ناکامی ہی ناکامی ہو تو اس وقت اس عمل سے مدد لیں۔ اللہ پاک کے حکمت کا صلہ سے ایسے اسباب و ذریع کا بندوبست فرمالیں گے عقل حیران ہو۔ مُسبب الاسباب کے وسیلہ سے ایک وسیلہ اسم باعث کا ہے آپ کسی حاجت یا مقصد کے حصول کیلئے اس اسم کی روحانیت سے مدد لے سکتے ہیں طریقہ کار یہ ہے کہ کسی پاک جگہ مقررہ وقت پر علیحدہ علیحدہ پاک وصاف جگہ یہ عمل کریں۔ بخور مصطگی کی جلائیں اور سیّہ کی تختی پر کسی نوک دار چیز سے اس اسم کا یہ نقش ذُوالکتابت کندہ کریں اصل نقش اور اس کی رفتار پُر کرنے کی یہ ہیں۔

رفتار نقش

۸	۱۱	۱۵	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۴

اصل نقش

ث	ع	ب ا	ال
۲	۳۲	۴۹۹	۱۷
۳۳	۵	۶۸	۴۹۸
۶۹	۴۹۷	۳۴	۴

اس نقش کے اوپر مؤکل کا نام جنائیل لکھیں اور نیچے مقصد لکھیں۔ مثلاً رزق، روزگار ترقی، ادائیگی قرض، رہائی محبوس، آمدن غیب غرضیکہ کسی قسم کی حاجت ہو اس طرح لکھو (یا الٰہی یا مسبب الاسباب) فلاں بن فلاں کی ترقی کے اسباب پیدا کر کے ترقی دیں (الباعث) کا چھ سے چار مرتبہ ورد کریں اور نقش پر دم کریں اور مؤکل کو اس طرح حکم دیں۔ اے جنائیل میں اللہ کے حکم سے تم کو کہتا ہوں کہ میرا فلاں کام فوراً سرانجام دو یہ فقرہ نہایت ہی پُرسکون لیکن پُرزور انداز میں کہو ادا کرو ہم ایک بات کیلئے اس اسم کے مؤکل کو حکم دیا ہے اس لئے وہ ضرور پورا ہوگا اس کے بعد اس تختی یا کاغذ کو کپڑے میں لپیٹ کر پاس رکھیں اور جو ممکن ہو خیرات کریں اور نیاز دلاؤ انشاء اللہ اس کام کی تکمیل ہونا شروع ہو جائے گی یا اسباب بننا شروع ہو گے۔ ہر حاجت مند ضرورت مند صرف اپنے لئے تیار کر سکتا ہے۔ اُمید ہے اتنا تشریح بہت ہے آخر میں مجھ ناچیز اور بزرگان اور شہزادگان کیلئے دُعائے خیر کریں۔

مراقبہ، ارتکاز توجہ، یکسوئی، روحانیات بڑھانے کیلئے تیار شدہ انعام ادارہ سے ہدیۃً دستیاب ہیں

ہدیہ علاوہ محصول ڈاک 3 انچ 3000 روپے 6 انچ 5000 روپے

جلد انعام کی حصول یابی کے لیے قومی پرائز بانڈز خرید کر اس میں رکھیں

منگوانے کا پتہ: شعبہ روحانیات ادارہ آئینہ قسمت کا شاہ زنجانی، D-125، حضرت سیّد میراں حسین زنجانی روڈ، نزد مین مارکیٹ، لاہور

از تحریر: محمد اسد اللہ سلیمانی چشتی نظامی جھنگ

کراماتِ جفر لکھ پتی و ذاتی مکان کے خاص اعمال

قارئین آئینہ قسمت! اس مرتبہ خاص عملیات لے کر حاضر ہوں۔ ایک بات اور یہاں کرتا ہوں کہ مجھے آئینہ قسمت میں لکھتے ہوئے دس سال ہو چکے ہیں۔ میں نے سن 2003ء سے لکھنا شروع کیا اور اب سن 2013ء چل رہا ہے اور اندرون و بیرون ممالک کے لوگوں نے خوب میرے عملیات صدری پسند کیے۔ یہ سب اللہ تعالیٰ کی مہربانی اور فضل سے ہوا اور اس میں وسیلہ جناب سید انتظار حسین شاہ زنجانی صاحب بنے۔ کیونکہ ان کے رسالہ آئینہ قسمت کے ذریعے ہم عاملین اپنے عملیات وغیرہ شائع کرواتے ہیں اور عوام الناس تک پہنچتے ہیں اور میں شاہ زنجانی صاحب کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جنہوں نے مجھے مسلسل لکھنے کا موقع دیا اور ہر سال زنجانی جنتری اور ہر ماہ آئینہ قسمت اعزازی طور پر ارسال کرتے ہیں اور یہ ان کی علم دوستی کا ثبوت ہے اور میں بھی روحانی سلسلہ چشتیہ نظامیہ سے تعلق رکھتا ہو اور میرے خاندان میں سب اہل نسبت لوگ ہیں اور میرے والد محترم با عمل عاملین میں شمار ہوتے ہیں۔ اس لیے نسبت والے لوگوں میں جناب سید انتظار حسین شاہ زنجانی صاحب بھی شامل ہیں اور سید گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں جو بہت بڑی نعمت ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو اور آل اولاد کو ہمیشہ حاسد کی نگاہ سے بچائے اور دن دگنی اور رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ آمین یارب العالمین

لکھ پتی بننے کا خاص عمل

آج کا انسان فکر میں زیادہ لگا ہوا ہے اور ہر بندے کی کوشش ہوتی ہے کہ زیادہ سے زیادہ دولت کما لوں۔ تاکہ اپنی زندگی اچھے طریقے سے بسر کر سکوں۔ اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک خاص صدری و اسراری عمل لکھ پتی بننے کا پیش کر رہا ہوں۔ جو شخص یہ کہتا ہوں کہ پیسہ آتا ہے لیکن ٹھہرتا نہیں ہے۔ کیونکہ اگر آمدنی بھی بہت ہو تو لیکن پیسہ جمع نہ ہوتا ہو۔ اگر کاروبار ہو لیکن ٹھیک طریقے سے چلتا نہ ہو تو ایسے لوگوں کو چاہیے کہ یہ خاص عمل کر کے اپنے دل کی مراد حاصل کر سکتے ہیں۔ کیونکہ اس دنیا میں اگر کسی کے پاس پیسہ نہ ہو تو چاہے وہ کسی بڑے سے بڑے خاندان کا بھی ہو تو اس کی عوت نہیں ہوتی ہے اور غریب آدمی ہمیشہ پستی میں گرتا جاتا ہے۔ اگر ایسے آدمی کے پاس بھی دولت آجائے تو اس کی بھی عوت کی جاتی ہے۔ ورنہ انسان کو اپنے بھی پوچھنے والے نہیں ہوتے ہیں۔ بہرحال جو بھی یہ عمل کرے گا، انشاء اللہ مالی فوائد حاصل کرے گا اور اپنی زندگی اچھے طریقے سے بسر کر پائے گا۔

عمل کا طریقہ یوں ہے کہ نوچندی جمعرات کو نماز فجر کے بعد عمل شروع کرتا ہے اور اگر بتیاں مجیارہ مدد روشن کر دیں تاکہ ہر طرف خوشبو پھیل جائے اور رجال الغیب پشت پر رکھنی ہے اور روزانہ مقررہ وقت پر کرتا ہے اور عبارتِ عمل روزانہ 100 بار اول و آخر 110-110 مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھنا ہے اور پھر پورے قواعد عملیات کے ساتھ نقش مبارکہ تیار کر کے اپنے پاس رکھ لیں اور وظیفہ 41 روز تک ورد کرنا ہے۔ اس کے بعد نیاز بچوں میں بانٹ دیں اور عبارتِ عمل روزانہ 313 مرتبہ ورد کرتے ہیں۔ انشاء اللہ انتالیس روز کے بعد مالی حالت بہتر ہونا شروع ہو جائے گی اور ایک سال کے اندر انشاء اللہ لکھ پتی بن جائیں گے۔ لاجواب و صدری تحفہ ہے اور اجازت عمل مجھ سے ضرور حاصل کر لیں۔ عبارتِ عمل یہ ہے:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ٥ یا باسط یا رزاق یا وھاب یا واسع یا کریم یا غنی یا مغیث برحمتک یا ارحم الراحمین۔

لوحِ مبارکہ یہ ہے:

قولہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحق جبرائیل

اللہ اکبر ۲۰۲۸	اللہ اکبر ۲۰۴۱	اللہ اکبر ۲۰۳۵	اللہ اکبر ۲۰۳۵
اللہ اکبر ۲۰۳۹	اللہ اکبر ۲۰۳۴	اللہ اکبر ۲۰۲۹	اللہ اکبر ۲۰۴۰
اللہ اکبر ۲۰۳۳	اللہ اکبر ۲۰۳۶	اللہ اکبر ۲۰۴۳	اللہ اکبر ۲۰۳۰
اللہ اکبر ۲۰۴۲	اللہ اکبر ۲۰۳۱	اللہ اکبر ۲۰۳۲	اللہ اکبر ۲۰۳۷

میکائیل و کفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ عزرائیل

ذاتی مکان کا خاص عمل

قارئین آئینہ قسمت! آج کی محفل میں ایک خاص عمل ذاتی مکان ہونے کا پیش کر رہا ہوں۔ کیونکہ آج کے دور میں اپنا ذاتی مکان ہونا بہت بڑی نعمت ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انسان اگر کم آمدنی والا ہے تو اسے یہ فکر تو ہوتی کہ یکم تاریخ آ گئی ہے اور مالک مکان کو کرایہ دینا ہے۔ ورنہ آپ نے دیکھا ہوگا کہ وقت پر کرایہ نہ دیا جائے تو مالک مکان خالی کرانے کی دھمکی دیتا ہے۔ بعض عاملین حضرات کو بھی میں نے دیکھا کہ بڑے بڑے دعوے کرتے ہیں اور عملیات کی اشاعت صفحے سیاہ کرنے کی غرض سے کرتے ہیں اور صرف شہرت حاصل کرنے کے لیے کرتے ہیں۔ چاہے ان کو اپنی برادری میں بھی کوئی نہ جانتا ہو کہ یہ کیا کرتا ہے اور پھر ان کا اپنا مکان تک نہیں ہوتا۔ اب ان لوگوں کے دعوے کہاں تک درست ہوں گے۔ قارئین آپ خود بھی فیصلہ کر لیں کہ ان عاملین کی سچائی کہاں تک درست ہے۔ کیا یہ عملیات کے ذریعے اپنے مکان کا مسئلہ حل نہیں کر سکتے ہیں؟ عموماً آپ نے دیکھا ہوگا کہ فراڈی عاملین کرایہ کا مکان یا دکان لیتے ہیں لیکن جب لوگوں کو خوب لوٹ لیتے ہیں، پھر وہاں سے فرار ہو جاتے ہیں اور یہ لوگوں سے بھاری بھاری فیسیں بھی لیتے ہیں۔ لیکن ان کی روزی میں برکت نہ ہونے کی وجہ سے یہ اپنا مکان نہیں بنا سکتے ہیں۔ قارئین ایک بات یہاں نوٹ کر لیں کہ جو عامل دعویٰ کرے کہ فلاں کام اتنے وقت یا دنوں میں کارٹی سے کر سکتا ہوں، وہ سمجھ لیں فراڈیہ عامل ہے کیونکہ دعویٰ فرعون نے کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی لاش کو لوگوں کے لیے عبرت کا نشان بنا دیا۔

انہیں فراڈی عاملین کی وجہ سے ہم جیسے باعمل عاملین بھی خراب ہو رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو ہدایت دے۔

قارئین آئینہ قسمت! عمل کا طریقہ یہ ہے کہ علیحدہ پاک و صاف کمرہ میں داخل ہو جائیں اور خوشبو دار بخور سلگائیں تاکہ کمرہ خوشبو سے مہک جائے۔ نوچندی پیر کو یہ عمل شروع کرنا ہے۔ پھر دو رکعت نفل حاجت کے پڑھیں اور درج ذیل عبارت عمل اول و آخر 110۔110 مرتبہ درود شریف کے ساتھ 525 مرتبہ ورد کریں اور بعد نماز عشاء کے پڑھنا ہے۔

عبارت عمل پڑھنے کے بعد یہ لوح مبارکہ پورے لوازمات کے ساتھ تیار کر کے اپنے پاس رکھیں اور صبح نیاز بچوں میں بانٹ دیں اور وظیفہ روزانہ 21 روز تک کرنا ہے۔ آخری روز پھر نیاز بانٹ دیں۔ وظیفہ روزانہ 313 مرتبہ پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ ایک سال میں ذاتی مکان ہونے کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔ یہ بہت ہی لاجواب و قابل قدر تحفہ ہے۔

عبارت عمل یہ ہے:

لا الہ لا دے الا اللہ ذاتی مکان کے اسباب پیدا فرما دے محمد رسول اللہ کرم فرما دے۔

قولہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم الحق جبرائیل

محمد رسول اللہ رویائیل	لا الہ طاطائیل	الا اللہ اسرافیل
لا الہ طاطائیل	الا اللہ اسرافیل	محمد رسول اللہ رویائیل
الا اللہ اسرافیل	محمد رسول اللہ رویائیل	لا الہ طاطائیل

میکائیل و کفی باللہ شہیدا محمد رسول اللہ عزرائیل

جنوری 2020ء کیلئے پرائز بانڈز خریدنے کی تواریخ بمعہ اوقات

تاریخ:۔ 02-01-2020
دن:۔ جمعرات
شہر:۔ کوئٹہ
مالیت بانڈ:۔ 15000

6	9
2	8

تاریخ:۔ 15-01-2020
دن:۔ بدھ
شہر:۔ کراچی
مالیت بانڈ:۔ 750

9	6
3	2

جنوری 2020ء کے لئے پرائز بانڈز خریدنے کی لکی تواریخ بمعہ اوقات

نمبر شمار	تاریخ	نیک وقت خریداری
1	02 جنوری	10 بجکر 10 منٹ سے لے کر 11 بجکر 10 منٹ تک
2	06 جنوری	13 بجکر 05 منٹ سے لے کر 13 بجکر 50 منٹ تک
3	14 جنوری	16 بجکر 00 منٹ سے لے کر 17 بجکر 00 منٹ تک
4	21 جنوری	09 بجکر 30 منٹ سے لے کر 11 بجکر 00 منٹ تک
5	28 جنوری	15 بجکر 15 منٹ سے لے کر 16 بجکر 00 منٹ تک

نوٹ: یہ اوقات پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق دیے جا رہے ہیں۔

اسلامی دنیا میں مسلم مفکرین و منجمین کی یاد میں شائع ہونے والی پہلی اسلامی تقویم

البیرونی تقویم 2020ء

ہر ڈرا کے متوقع پاور فل نمبرز جاننے کیلئے
یوٹیوب چینل سبسکرائب کریں۔
www.youtube.com/user/zanjani

کتاب شائع ہو چکی ہے
قیمت: =/300

انعام
لکی نمبرز
آئینہ قسمت میں

از افادات:
شہزادہ سید مصور علی زنجانی

	0	1	2	3	4	5	6	7	8	9	مجموعہ نمبرز
0			02			05	06			09	059
1	10			13	14		16		18		148
2		21		23		25	26			29	236
3	30		32		34			37			347
4		41		43		45			48	49	438
5			52		54		56	57		59	527
6	60			63	64				68		638
7		71	72			75	76			79	756
8	80			83	84			87			874
9		91	92			95			98		985

تاریخ:۔ 02-01-2020
دن:۔ جمعرات
شہر:۔ کوئٹہ
مالیت بانڈ:۔ 15000

26	62	36	23
96	69	83	89

تاریخ:۔ 15-01-2020
دن:۔ بدھ
شہر:۔ کراچی
مالیت بانڈ:۔ 750

69	39	92	59
29	93	65	95





تاریخ:۔ 02-01-2020
دن:۔ جمعرات
شہر:۔ کوئٹہ
مالیت بانڈ:۔ 15000

714392	
71	43
27	92

تاریخ:۔ 15-01-2020
دن:۔ بدھ
شہر:۔ کراچی
مالیت بانڈ:۔ 750

612348	
63	12
34	48

2284-8356

228	1	5	22
835			83
883	7		88
892	0	3	89
893			
896			

8859-8926

2564-2649

256	4	6	25
264			26
335	7		33
627	3	4	62
657			65

6273-6599

F			S
52	3	8	58
43	2		41
31	1	0	11

F-S		
5565	اوپن F	3-7
4590	کلوز F	7-9-8
4321	سینٹر F	2-4-9
5352	چوتھا فگر F	9-4
	تعلق آکڑہ F	3-2
	بند اوپن F	6-8-4
	سیکنڈ اوپن F	9-4

F			S
80	7	5	85
02	2		20
20	3	1	23

F-S		
8095	اوپن F	3-9-8
2546	کلوز F	3-4-2
1935	سینٹر F	9-3
0805	چوتھا فگر F	5-4
	تعلق آکڑہ F	5-4
	بند اوپن F	0-4-1
	سیکنڈ اوپن F	4-8

انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت میں

کوئٹہ — مالیت بانڈ: 15000 — تاریخ: 02-01-2020

94	89	62	48	21	09	4962 (بونس)

کراچی — مالیت بانڈ: 750 — تاریخ: 15-01-2020

90	78	59	45	31	18	6948 (بونس)

گولڈن انعام لکی نمبرز

کوئٹہ — تاریخ: 02-01-2020 — مالیت بانڈ: 15000
018/429 =089
638/910 =390

کراچی — تاریخ: 15-01-2020 — مالیت بانڈ: 750
159/295 =159
789/342 =842

لکی نمبرز

ہماری دعا ہے کہ آپ ان لکی نمبرز سے فیض یاب ہوں۔ کسی نقصان سے بچنے کے لیے پرچی نمبر کی بجائے پرائز بانڈز کی خرید پر توجہ دیں۔
ماہرین علم الاعداد کی تمام تر ذہانت آپ کے لیے وقف ہے۔ (ادارہ)

یوٹیوب پر اپنے برج کی روزانہ آگاہی کیلئے سبسکرائب کریں۔ زندگی

آپکا ماہِ جنوری 2020ء کیسا رہے گا؟

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النَّحُوْسَتُ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَر وَالْمُشْتَری وَالزُحل وَالزُھرہ وَالعَطَارَد وَالمَرِیْخ وَالرَاس وَالذَنب بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ٥ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں۔ بچوں کیلئے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف 9 بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپکے قریب نہ آئیگی۔ میری طرف سے آپکو اس عمل کی عام اجازت ہے۔ **دعا گو عامل شاہ زنجانی**

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں۔ ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروف ابجد سے۔ پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال ان پر صحیح بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپکے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے۔ ذیل میں دیئے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کریں پھر اسی برج کے تحت نیک وبد حالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کوپن لے کر نگینہ پہنیں۔

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنے نام کا برج معلوم کریں۔ اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروف ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کریں۔ اگر باقی 1 بچے تو برج حمل ہے۔ اگر 2 باقی بچے تو ثور۔ 3 بچے تو جوزا۔ 4 بچے تو سرطان۔ 5 بچے اسد۔ 6 بچے تو سنبلہ۔ 7 بچے تو میزان۔ 8 بچے تو عقرب۔ 9 بچے تو قوس۔ 10 بچے تو جدی۔ 11 بچے تو دلو اور اگر 0 باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظر انداز کر دیں۔

حروف ابجد قمری

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ	
	300	400	500	600	700	800	900	1000	

یوٹیوب پر اپنے برج کی روزانہ آگاہی کیلئے سبسکرائب کریں۔ زنجانی TV

ARIES

21Marc
20April

ستارہ: مریخ
حروف: ال ع
دن: منگل
عدد: 9
رنگ: سرخ یا قرمزی
پتھر: یاقوت، مرجان، سرخ عقیق، ہیرا

Element: Fire
RulingPlanet: Mars
Symbol: The Ram
YourStone: Ruby
LifePursuit: The thrill of the moment.
SecretDesire: To lead the way for others.

آپکا حاکم ستارہ مریخ ابتدائی ماہ آٹھویں گھر سے آغاز کرتے ہوئے **3** جنوری سے تمام ماہ کیلئے نویں چلا جائے تب نصیب یاوری کرنے کے مواقع مذہب اور روحانیت میں خاص لگاؤ بڑھے ایسے طالب علم حضرات جو کافی عرصہ سے اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے کوشاں ہوں تو اس ماہ نہ صرف کامیابی ملے بلکہ کوشش کرنے سے سکالرشپ بھی حاصل کرسکیں۔ بیرون ملک سفر کی خواہش رکھنے والے افراد بھی کوشش کرنے سے اس ماہ کامیاب ہوسکیں **10** جنوری چوتھے چاند گرہن جبکہ دسویں مشتری زحل دو اہم ستارے ہمراہ نصف ماہ منحس ہونے سے گرہن منفی اثرات اور بڑھ جائیں جبکہ کیتو بھی دسویں سے چوتھے ناظر رہے دوران گرہن صدقات وقفہ وقفہ سے ضرور دیں اور نفل نماز خسوف بھی ادا کریں۔ **26,25** جنوری مریخ عطارد تسدیس کام میں تیزی اور تکنیکی مہارت عزت و توقیر بڑھائے۔ **28,27** جنوری مریخ زہرہ تربیع جنس مخالف سے محتاط رہیں اور جلد بازی سے گریز کریں۔ **28** جنوری مریخ نیپچون تربیع صحت جسمانی کا خاص خیال رکھیں جبکہ حقیقت پسندی مفید ثابت ہو۔

پہلا ہفتہ: گھریلو معاملات خاص توجہ کے مستحق ہونگے۔ شراکتی کام منافع بخش رہیں گے۔ لمبے عرصے کیلئے سرمایہ کاری کرتے وقت اچھی طرح سوچیں اور تسلی کریں تاکہ بعد میں پچھتاوا نہ ہو۔ دوست مددگار رہیں گے۔ بیرون ملک مقیم دوست احباب' رشتہ دار رابطہ کرسکتے ہیں جس سے مالی فوائد ممکن ہوں گے۔ کسی اہم تقریب میں شرکت سے کاروباری منافع کا حصول ممکن ہو۔

دوسرا ہفتہ: صحت بہتر رہے گی اور دوستوں اور عزیزوں کیساتھ تعلقات بحال رہیں گے۔ سفر کا پروگرام بن سکتا ہے۔ محنت رنگ لائے گی اور اہم کام مکمل ہونے سے فائدہ ہوسکے گا۔ رشتے داروں کا تعاون رہے گا جس سے مسائل میں کمی ہوگی۔

تیسرا ہفتہ: محبت کے معاملات میں مصروفیت رہے گی اور قسمت کا ساتھ بھی رہے گا۔ اس کے علاوہ نصیب یاوری کرنے سے کاروباری معاملات میں بھی فائدہ ہوگا اور نامکمل کام کرسکیں گے جس کے باعث ذہنی بوجھ میں کمی آئے گی۔ کاروباری لین دین نفع بخش ثابت ہوگا۔ مشترکہ مفاد کے کاموں میں آپس میں مالی اختلافات و مسائل پیش آسکتے ہیں۔ انعامی سکیموں میں دلچسپی رکھنے والے جملی افراد کا نصیب یاوری کرسکے گا۔

چوتھا ہفتہ: شراکتی کاموں کو فروغ ملے گا اور کاروبار وسعت اختیار کرسکے گا۔ اساتذہ کا تعاون حاصل ہوگا جس سے بہت سے مسائل حل ہوسکیں گے۔ بیرون ملک سفر کا پروگرام بن سکتا ہے۔ روحانیت کے شوق میں اضافہ ہوسکے گا۔ تعلیمی امور میں کامیابی ہوگی۔ ملازمت سے متعلقہ امور میں ذمہ داریاں بڑھیں گی۔ ڈرائیونگ کرتے وقت محتاط رہیں۔

سعد تواریخ: 31,25,21,16,12,2 جنوری **نحس تواریخ:** 28,27,14,5 جنوری

TAURUS

21April
21May

ستارہ: زہرہ
حروف: ب۔و
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکا نیلا یا سبز
پتھر: اوپل، سبز پکھراج

Element: Earth
RulingPlanet: Venus
Symbol: The Bull
YourStone: Emerald
LifePursuit: Emotional and financial security.
SecretDesire: To have a secure, happy and wealthy life/ marriage.

آپکا حاکم ستارہ زہرہ یکم یا **13** جنوری دسویں کیریئر کے گھر رہتے ہوئے عزت و توقیر کو بڑھانے کے علاوہ کیریئر میں آگے بڑھنے کے مواقع دلائے **14** تا **31** جنوری زہرہ گیارہویں شرفی گھر رہتے ہوئے سیاسی و سماجی پوزیشن مستحکم کرے جبکہ حلقہ احباب میں مخلص افراد کی شمولیت اور دیرینہ خواہشات کی تکمیل ممکنات میں سے ہو۔ **10** جنوری تیسرے چاند گرہن ہونے سے سفر سے گریز جبکہ عزیز و اقارب بہن بھائیوں سے تعلقات میں کشیدگی اس دوران دو نفل نماز خسوف اور صدقات لازمی ادا کریں۔ **17,16** جنوری زہرہ یورانس تسدیس ذہنی وہ تخلیقی صلاحیتیں نکھریں جبکہ منفرد خیالات کا اظہار ممکن ہو۔ **24,23** جنوری زہرہ مشتری تسدیس سیاسی و سماجی پوزیشن مستحکم فلاحی کاموں میں شمولیت بڑھے جبکہ اہم تقریبات میں نئے احباب مل سکیں۔ **28,27** جنوری زہرہ مریخ تربیع جذباتی فیصلے بغیر مشاورت کے بغیر نہ کریں۔ **29,28** جنوری زہرہ نیپچون قران عشق و محبت کے امور حساس جبکہ معاملات میں تاخیر سے پریشان نہ ہوں۔

پہلا ہفتہ: ناگہانی اخراجات پیش آسکتے ہیں۔ غیر اخلاقی یا غیر قانونی معاملات میں ملوث ہونے سے گریز کریں۔ زیارات یا بیرون ملک سفر کے خواہاں افراد کی خواہش پوری ہوسکے گی۔ سوشل یا رفاہی کاموں میں دلچسپی بڑھے گی۔ دوسروں کی بے وفائی کا صدمہ ہوسکتا ہے۔ رومانوی سلسلے مشکلات اور پریشانیوں کا شکار رہیں گے۔ اخراجات میں اضافے کا امکان ہے۔

دوسرا ہفتہ: زیادہ تر توجہ محبت سے متعلقہ معاملات پر رہے گی۔ جس کے باعث بہت سے دوسرے کام ادھورے رہ سکتے ہیں۔ جن کے باعث بعد میں احساس ہوگا۔ صحت متاثر ہوسکتی ہے لہٰذا محتاط رہیں۔ بیرون ملک مقیم دوست احباب رابطے میں رہیں گے اور مالی معاملات پر توجہ مرکوز رہے گی۔ خواہشات پوری ہونے سے انجانی خوشی محسوس ہوگی۔ اس ہفتے جو بھی نیا کام شروع کریں گے وہ آپ کی زندگی میں بہت اہمیت کا حامل ہوگا۔

تیسرا ہفتہ: دوستوں کا تعاون رہے گا۔ سیر و سیاحت کا پروگرام خوشگوار گزرے گا۔ مقاصد میں کامیابی ہوسکے گی۔ شریک حیات کا تعاون حاصل ہوگا جس سے گھریلو ماحول پرسکون رہے گا۔ کاروبار وسعت اختیار کرسکے گا اور آمدنی میں خاطر خواہ فائدہ کا امکان ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو اپنے فرائض میں غفلت سے پرہیز کرنا چاہیے، ورنہ ترقی کے امکانات طول پکڑ سکتے ہیں۔

چوتھا ہفتہ: نصیب یاوری کرنے سے بہت سے بگڑے ہوئے کام بن جائیں گے اور کاروباری سفر فائدہ مند رہے گا۔ روحانیت کے شوق کو فروغ حاصل ہوگا۔ دوست احباب کی وجہ سے پریشانی ہوسکتی ہے۔ صحت بہتر رہے گی۔ ہمسائیوں کا تعاون حاصل ہوگا۔ شریک حیات کا تعاون حاصل ہوگا۔ گھریلو مسائل کے باعث خواہ مخواہ کی ٹینشن رہے گی۔ بچوں کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔ شاپنگ کا پروگرام بن سکتا ہے۔

سعد تواریخ: 28,23,16,9,3 جنوری **نحس تواریخ:** 27,20,13,6 جنوری

یوٹیوب پر اپنے برج کی روزانہ آگاہی کیلئے سبسکرائب کریں۔ زنجانی

Gemini

22May
21June

جوزا

ستارہ: عطارد
حروف: ق ک
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا یا ملے جلے
پتھر: عقیق سبز، زمرد، فیروزہ

Element: Air
RulingPlanet: Mercury
Symbol: The Twins
YourStone: Aquamarine
LifePursuit: To Explore a little bit of everything.
SecretDesire: To be ahead of the crowd.

آپکا حاکم ستارہ عطارد یکم یا **16** جنوری آٹھویں رہتے ہوئے قوت فیصلہ ناقص جبکہ دوران گفتگو الفاظ کا چناؤ سوچ سمجھ کر کریں۔ **17** تا **31** جنوری عطارد نویں رہتے ہوئے اعلیٰ تعلیم کے حصول میں کامیابی دلائے۔ **3,2** جنوری عطارد مشتری قران حالات کی مکمل تصویر کسی کرتے ہوئے مستحکم فیصلے عمل میں آسکیں تعلیم و تدریس کا شوق بڑھے۔ **9,8** جنوری عطارد نیپچون تسدیس تخیل کو حقیقت کا رنگ دینے کے لئے کی گئی کوشش بارآور ہوسکیں فنکارانہ صلاحیتیں نکھریں۔ وسعت نظری آسکے۔ **13,12** جنوری عطارد زحل قران مسائل کا مثبت حل اور سوچ میں پختگی آسکے تب ہی عطارد پلوٹو قران ہونے سے نفسیاتی مسائل بھی حل ہوسکیں **10** جنوری خانہ مال میں چاند گرہن ہونے سے مالی لین دین میں خاص احتیاط برتیں جبکہ گرہن کے منفی اثرات سے بچنے کیلئے دو نفل نماز خسوف ضرور ادا کریں۔ **19,18** جنوری عطارد یورانس تربیع ذہن پریشان اور بات چیت میں رکاوٹ کا اندیشہ رہے۔ لہٰذا خاص احتیاط برتیں۔ **26,25** جنوری عطارد مریخ تسدیس تجرباتی رویہ اور کام میں تیزی بہتر نتائج اخذ کرسکتے ہیں۔

پہلا ہفتہ: شراکتی ازدواجی اہم کاروباری وجذباتی امور آپ کی توقعات کے برعکس ہوں تو صبر و تحمل سے کام لیجئے۔ خوامخواہ کی غلط فہمیاں پیدا ہوسکتی ہیں۔ سنجیدہ نوعیت کے امور توجہ طلب رہیں گے۔ خواہاں افراد کو حسب منشاء ملازمت کے مواقع ملیں گے۔ نئے کاروباری معاہدوں پر کام کرسکیں گے۔ کاروباری اغراض و مقاصد کے تحت کئے گئے سفر فائدہ مند رہیں گے۔ حیثیت و شخصیت متاثر ہوسکتی ہے محتاط رہئے۔

دوسرا ہفتہ: انعامی فوائد اور اولاد سے خوشی ملے گی۔ پیدا شدہ مسائل حل ہوسکیں گے۔ کسی بھی مسئلے کے حل میں مخلصین بزرگوں سے مشاورت ضرور لیں۔ حاسدین کی سرگرمیاں اچانک نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ دوسروں سے واسطہ توقعات پوری نہ ہونے سے ذہن منتشر رہے گا۔ کاروباری امور طے کرتے وقت محتاط رہیں۔ شخصیت میں نکھار آئے گا۔ کاروباری معاملات مسائل کا شکار رہیں گے۔

تیسرا ہفتہ: بہن بھائیوں کا تعاون رہے گا۔ بحث اور تکرار سے گریز کریں ورنہ لڑائی کی صورت پیش آسکتی ہے۔ جس کے باعث مسائل اور پریشانی میں اضافے کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا۔ مالی مسائل کا خاتمہ ہوسکے گا۔ لیکن بحث و تکرار سے گریز لازمی ہے ورنہ لڑائی جھگڑے کا اندیشہ ہے۔ رشتے داروں کے تعاون سے گھریلو مسائل کا خاتمہ ہوگا اور پریشانی میں کمی ہوگی۔ شریک حیات کا تعاون بھی رہے گا۔

چوتھا ہفتہ: سوچ مثبت ہونے سے بہت سے مسائل کا خاتمہ ہوگا۔ کاروباری معاملات ملتوی ہوسکتے ہیں۔ ملازمت سے متعلقہ معاملات حساس رہیں گے۔ بیرون ملک جانے کے خواہشمند افراد کی خواہش پوری ہوسکے گی۔ شراکتی کام منافع بخش رہیں گے۔ تخلیقی کاموں کو سراہا جائے گا۔ حاسدین زیر ہوسکیں گے۔ کاروباری معاملات تسلی بخش حد تک بہتر رہیں گے۔ کاروباری معاملات تسلی بخش حد تک بہتر رہیں گے۔ آمدن میں اضافہ کا امکان ہے۔

سعد تواریخ: 31,26,20,15,12,10,8,5,2 جنوری **نحس تواریخ:** 18,9 جنوری

Cancer



22June
23July

سرطان

ستارہ: قمر
حروف: ح ہ
دن: پیر
عدد: 2
رنگ: دودھیا
پتھر: درنجف، سفید مرجان

Element: Water
RulingPlanet: The Moon
Symbol: The Crab
YourStone: Moonstone
LifePursuit: Constant reassurance and intimacy.
SecretDesire: To feel safe (emotionally, spiritually, romantically and financially).

آپکا حاکم ستارہ چندرماں (قمر) ہر ماہ آپکا ستارہ شرفی اوجی عروجی تاریخوں سے گزرتے ہوئے آپکو سعادتیں دیتا ہے اور بالکل ایسے ہی ہر ماہ احتیاط طلب ایام بھی لاتا ہے جس میں صدقات اور احتیاط لازم ہے اس ماہ یہ ایام **19,18** اور **24,23** جنوری کو آئیں۔ بالخصوص آپکا حاکم **10** جنوری جب گرہن کی پوزیشن سے گزرے تو اس دوران ناقص ایام سے بچنے کے لئے دو نفل نماز خسوف ضرور ادا کریں اور وقفہ وقفہ سے صدقات تمام ماہ دیتے رہیں خانہ مال اور تیسرے کا حاکم شمس مشتری **11,10** جنوری قران کریں تو عزیز و اقارب بہن بھائیوں کے ساتھ مشترکہ بنیادوں پر کئے گئے کام احتیاط طلب ہوں۔ **14,13** جنوری خانہ مال اور ساتویں کا مشترکہ حاکم شمس زحل قران کے باعث مشترکہ امور میں مالی فوائد کا حصول ممکنات میں سے ہوسکے۔

پہلا ہفتہ: مالی مسائل پیش آسکتے ہیں۔ سفر کا پروگرام بن سکتا ہے۔ اجنبی افراد سے محتاط رہیں۔ کاروباری امور میں خاطر خواہ فائدہ ممکن ہے اور کیریئر میں مزید بہتری ہوسکے گی۔ جذبات کا اظہار ہوسکے گا۔ مقاصد میں کامیابی کیلئے محنت ضروری ہے۔ بہتر نتائج حاصل ہوسکیں اور نئی چیزوں کا پتہ چل سکے گا۔ سفری امور میں احتیاط برتیں۔ دوسروں سے متاثر ہوسکتے ہیں۔ کیریئر سے متعلق امور توجہ کے حامل رہیں گے۔

دوسرا ہفتہ: سفر کے مواقع پیش آئیں گے جس کے باعث نصیب یاوری کرسکے گا اور درپیش شدہ مسائل حل ہوسکیں گے۔ غلط فہمیاں دور ہوسکیں گی۔ کاروبار وسعت اختیار کرسکے گا جس کے باعث مالی پوزیشن مزید مستحکم ہوسکے گی۔ زیادہ تر توجہ تخلیقی کاموں کی طرف رہے گی۔ آرٹ کے شعبہ میں دلچسپی بڑھے گی۔ گھر کی سجاوٹ کرسکیں گے۔ رشتے داروں کیساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔

تیسرا ہفتہ: صحت بہتر ہوسکے گی اور گھریلو ماحول خوشگوار اور پرسکون رہے گا جس سے آپ اپنے آپ کو تر و تازہ محسوس کریں گے۔ خواہشات کے مطابق کام ہوسکے گا۔ اولاد کا ساتھ رہے گا۔ جس سے مصروفیت میں کمی ہوسکے گی۔ ڈرائیونگ کے دوران محتاط رہیں اور غیر ذمہ دارانہ رویہ نہ اپنائیں ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ مستحکم فیصلے کرسکیں گے۔

چوتھا ہفتہ: اس ہفتے کاموں کو فروغ ملے گا جس کے باعث آمدن میں اضافہ سے مالی مسائل اور پریشانیوں کا خاتمہ ہوگا۔ بہن بھائیوں کا تعاون رہے گا۔ جس سے گھریلو ماحول مزید خوشگوار ہوجائے گا۔ والدین کی صحت کا خاص خیال رکھئے۔ عزیز و اقارب کیساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے۔ مہمانوں کی آمد و رفت رہے گی۔ سیر و سیاحت کا پروگرام بن سکتا ہے۔ بچوں سے متعلقہ امور میں مصروفیت رہے گی۔ رومانوی امور میں خوشی نصیب ہوگی۔ ذمہ داریوں اور فرائض میں خاص توجہ دیں۔ شریک کار سے تعاون کریں۔

سعد تواریخ: 31,30,25,21,20,16,15,12,6,2 جنوری **نحس تواریخ:** 28,17,14,9,5,3 جنوری

یوٹیوب پر اپنے برج کی روزانہ آگاہی کیلئے سبسکرائب کریں۔ زنجانی

Leo

24July
23August

اسد

ستارہ: شمس
حروف: م
دن: اتوار
عدد: 1
رنگ: سنہرا، گولڈن
پتھر: یاقوت، ہیرا

Element: Fire
RulingPlanet: The Sun
Symbol: The Lion
YourStone: Peridot
LifePursuit: To lead the way.
SecretDesire: To be a star.

آپکا حاکم ستارہ بادشاہ فلک شمس یکم تا **20** چھٹے نحس گھر ہونے کے سبب ملازمتی ذمہ داریوں میں کوتاہی نہ برتیں جبکہ صحت جسمانی کا خاص خیال رکھنے کی ضرورت جبکہ **25** تا **31** جنوری شمس ساتویں آجانے کے سبب قوت فیصلہ متاثر مخلص احباب کا تعاون برقرار رکھیں اور بغیر سوچ سمجھے کوئی بھی فیصلہ ہرگز نہ کریں۔ **8,7** جنوری شمس نیپچون تسدیس اخراجات میں کنٹرول کی ضرورت جبکہ مزاج میں حساسیت کا عنصر غالب رہے **10** جنوری بارہویں چاند گرہن ہونے سے حاسدین مخالفین اپنے بد ارادوں میں زیر ہوسکیں جبکہ ناگہانی اخراجات میں کنٹرول کی ضرورت رہے دوران گرہن دو نفل نماز خسوف لازمی ادا کریں تاکہ گرہن کے منفی اثرات سے محفوظ رہ سکیں۔ **11,10** جنوری ہی شمس عطارد قران ہونے کے سبب سفر وسیلہ ظفر جبکہ ذہنی قوت بڑھنے اور الفاظ میں اثر ہونے کے سبب عزت وتوقیر بڑھ سکے۔ **14,13** جنوری شمس پلوٹو اور شمس زحل قران کے سبب دوسروں سے صحت مند مقابلہ لیکن حدود میں رہتے ہوئے معاملات کی انجام دہی مفید رہے طبیعت میں صبر وتحمل اور حکام سے تعلقات وروابط بڑھ سکیں **24,23** جنوری شمس یورانس تربیع لوگوں کے بدلتے رویوں کو سمجھنے کی کوشش جبکہ کام کی مصروفیت کے سبب ذہنی ڈپریشن ہوسکے۔

پہلا ھفتہ: محققانہ وتخلیقی صلاحیتیں اُجاگر ہونے سے آپ کی زندگی کے روز وشب بدل سکتے ہیں۔ زمین' جائیداد کی خرید وفروخت' زراعت سے تعلق رکھنے والے اسدی افراد کا نفع اِس سال بڑھ جائیگا۔ مقاصد میں کامیابی حاصل ہوسکے گی۔ مشترکہ دورانیہ اہم شراکتی سلسلوں میں دانشمندانہ فیصلے کا طالب ہوگا۔ سوچ سمجھ کر مشاورت سے درست فیصلے کریں۔

دوسرا ھفتہ کاروباری امور حساس رہیں گے۔ کیریئر میں بہتری متوقع ہے۔ والدین بہتر راہنمائی کرسکیں گے۔ مخالفین کی ریشہ دوانیاں خانگی زندگی کو متاثر کرسکتی ہیں۔ انعامی سکیموں میں حد سے زیادہ حصہ لینا نقصان کا باعث ہوسکتا ہے۔ عزت ووقار میں اضافہ اور اساتذہ کا تعاون حاصل رہے گا۔ روحانیت کے شوق میں بتدریج اضافہ ہوسکے گا۔ خواہشات پوری ہوسکیں گی۔

تیسرا ھفتہ دوست نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ خواہشات پوری ہونے سے انجانی خوشی محسوس ہوگی۔ پیچیدہ مسائل حل ہونگے اور مالی پوزیشن میں بہتری کے امکان ہونگے۔ قسمت کا ساتھ رہے گا۔ جس سے شریک حیات اور شریک کار کے ساتھ تعلقات مستحکم رہیں گے اور غلط فہمیوں کے بادل چھٹ سکیں گے۔ معاملات محبت مزید بہتر ہونے سے آپ خود کو فریش محسوس کریں گے۔

چوتھا ھفتہ: گھریلو معاملات مسائل کا شکار رہیں گے لیکن غصے اور جذبات سے یہ مسائل حل نہ ہونگے بلکہ مزید بگڑیں گے۔ لہٰذا تحمل مزاجی سے کام لیں ورنہ لڑائی جھگڑے کا اندیشہ ہے۔ صحت متاثر ہوسکتی ہے۔ لہٰذا خوراک کا خاص خیال رکھیں۔ غصے اور جذبات پر قابو رکھئے اور صبر وتحمل سے کام لیں ورنہ لڑائی جھگڑے اور نقصان کا اندیشہ ہے۔ جلد بازی سے گریز کریں شراکتی کام مسائل کا شکار ہوسکتے ہیں۔

سعد تواریخ: 30,25,20,15,13,10,7,6 جنوری **نحس تواریخ:** 23,17,9,3 جنوری

Virgo

24August
23September

سنبلہ

ستارہ: عطارد
حروف: پ غ
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا
پتھر: زمرد، فیروزہ

Element: Earth
RulingPlanet: Mercury
Symbol: The Virgin
YourStone: Sapphire
LifePursuit: To do the right thing.
SecretDesire: To love and be loved in return.

آپکا حاکم ستارہ عطارد یکم تا **16** جنوری پانچویں رہتے ہوئے عشق ومحبت کے امور میں خاص تبدیلیاں رونما ہوسکیں جبکہ انداز گفتگو میں نرمی تعلقات میں پختگی لاسکے **17** تا **31** جنوری عطارد چھٹے رہتے ہوئے قوت فیصلہ میں پختگی کی ضرورت رہے جبکہ ملازمتی ذمہ داریاں نبھاتے وقت غفلت نہ برتیں اور مستحب افراد سے توقعات کی وابستگی پریشانیوں میں اضافے کا باعث بنے **3,2** جنوری عطارد مشتری قران مثبت سوچ اور مستحکم فیصلے حالات میں بہتری کا سبب بنے **9,8** جنوری عطارد نیپچون تسدیس وسعت نظری کے سبب تخیل کو حقیقت کا رنگ دے سکیں۔ **10** جنوری گیارہویں چاند گرہن ہونے کے سبب حلقہ احباب سے واسطہ امیدیں پوری نہ ہوں تو مایوسی کی بجائے دو نفل نماز خسوف ادا کریں اور صدقات ضرور دیں۔ **11,10** جنوری عطارد شمس قران ہونے سے سفر وسیلہ ظفر اور حالات میں کنٹرول حاصل کرسکیں **13,12** جنوری عطارد زحل قران مسائل کا ثبت حل اور معاملات میں سنجیدگی سے کئی ایک پیچیدہ امور باحسن وصول حل ہوسکیں انہی ایام میں عطارد پلوٹو قران ہونے کے سبب معاملات زندگی میں بہتری لوگوں کے بدلتے رویے اور نفسیاتی مسائل حل ہوں **19,18** جنوری عطارد یورانس تربیع کے سبب ذہن پریشان اور سوچ محدود ہونے کے سبب پریشانی کا اندیشہ **26,25** جنوری عطارد مریخ تسدیس ایمانداری فرض شناسی کے سبب عزت وتوقیر بڑھے جبکہ کام میں تیزی اور مہارت آسکے۔

پہلا ھفتہ: الفاظ کی ادائیگی سے پہلے اچھی طرح سوچ لیں تاکہ بعد میں پچھتاوا نہ ہو۔ صحت کا خیال رکھیں۔ مصروفیت میں کمی آئے گی۔ مسائل حل ہوسکیں گے۔ مالی پوزیشن مستحکم ہوسکے گی۔ والدین کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ آپ کی بات دوسروں پر اثر انداز ہوسکے گی۔ خیالات کا اظہار بہتر انداز میں کرسکیں گے۔ اہم معاملات پر گفتگو ہوسکے گی۔ رومانس کے لیے ماحول سازگار رہے گا۔

دوسرا ھفتہ: جس سے ذہن منتشر ہوسکتا ہے۔ تجرباتی رویہ رہے گا۔ تکنیکی معاملات میں دلچسپی بڑھے گی۔ تخلیقی صلاحیتیں اُبھر سکتی ہیں۔ اہم کاروباری معاہدے طے پاسکیں گے۔ غلط فہمیاں دور ہوسکیں گی۔ کام کی خوبصورتی کو سراہا جائے گا۔ جذبات وغصہ پر قابو رکھئے۔ سفر میں دلچسپی رہے گی۔ خود اعتمادی میں اضافہ کے باعث غلط فیصلے کرسکتے ہیں۔ کام ملتوی ہوسکتے ہیں۔ سوچ محدود رہ سکتی ہے۔

تیسرا ھفتہ: مالی پوزیشن کی بہتری کیساتھ گھریلو مسائل بھی حل ہوسکیں گے۔ اولاد راحت کا باعث ہوگی اور انعام وغیرہ یا پرائز بانڈ نکل سکتے ہیں۔ ملازمت سے متعلقہ معاملات احسن طور پر چل سکیں گے اور عزیزوں کی قربت حاصل رہے گی۔ ہمسائے تعاون کریں گے۔ نامکمل کام بخوبی انجام کو پہنچے گا۔ جس سے ڈپریشن میں کمی آئے گی۔ خواہشات کی تکمیل اور محبت سے متعلقہ معاملات میں خاطر خواہ فائدہ ہوگا۔

